https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ | ABC Certified

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | بدھ 12 اگست 2026ء | 28 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 126

پرتشدد سیاست پی ٹی آئی کا طریقہ بن چکا، اہلکار پر فائرنگ کرنے والا سرگرم کارکن مارا گیا، عطا تارڑ

تشدد کی سیاست کرنا، اسلحے سے لیس ہو کے آنا، اور آج جو سیکورٹی اہلکار پر فائرنگ کی گئی، اس کا کوئی جواز نہیں تھا۔

فائرنگ نے سب کی آنکھیں کھول دی ہیں، سیکورٹی اہلکار پر فائرنگ کی گئی، اس کا کوئی جواز نہیں تھا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پرتشدد سیاست پی ٹی آئی کا طریقہ بن چکا، اہلکار پر فائرنگ کرنے والا سرگرم کارکن مارا گیا، فائرنگ نے سب کی آنکھیں کھول دی ہیں، سیکورٹی اہلکار پر فائرنگ کی گئی، اس کا کوئی جواز نہیں تھا۔ راولپنڈی مال روڈ پر پی ٹی آئی کے کارکن کی فائرنگ کے حوالے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

اقلیتی برادری کی ملکی دفاع کیلئے قربانیاں ناقابل فراموش ہیں — شہباز شریف

پاکستان میں موجود اقلیتوں کا احترام کرتے ہیں، پاکستان کی تعمیر اور ترقی میں بھی اقلیتوں کا کردار ہے، جنگوں کے دوران بھی اقلیتی برادری نے شاندار کردار ادا کیا

تعلیم کے میدان میں مسیحی برادری کی خدمات قابل ستائش ہیں، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں، یہ معاہدہ صرف امن اور سلامتی کیلئے ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اقلیتی برادری کی ملکی دفاع کیلئے قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، ہر مذہب کے پیروکاروں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں، پاکستان میں موجود اقلیتوں کا احترام کرتے ہیں، پاکستان کی تعمیر اور ترقی میں بھی اقلیتوں کا کردار ہے، جنگوں کے دوران بھی اقلیتی برادری نے شاندار کردار ادا کیا، تعلیم کے میدان میں مسیحی برادری کی خدمات قابل ستائش ہیں، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں، یہ معاہدہ صرف امن اور سلامتی کیلئے ہے۔ وہ منگل کو یہاں وزیراعظم آفس میں مذہبی اقلیتوں کے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں وفاقی وزراء، ارکان اسمبلی (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی بورڈ آف ریونیو کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان ہائی کورٹ کے تین نئے تعینات ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھالیا

حلف اٹھانے والوں میں جسٹس محمد رؤف عطا، جسٹس اللہ داد روشان، اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی شامل ہیں

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے بلوچستان ہائی کورٹ کے تین نئے تعینات ہونے والے ایڈیشنل ججز سے عدالت عالیہ (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل امریکہ کے سرکاری دورے پر نیویارک پہنچ گئے

نیویارک (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل امریکہ کے سرکاری دورے پر بحفاظت نیویارک پہنچ چکے ہیں (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

صدر آصف علی زرداری نے پانچ سمریوں اور بلوں کی منظوری دے دی

رقوم کی وصولی ترمیمی بل 2026 اور وفاقی بورڈ آف ریونیو ترمیمی بل 2026 کی منظوری شامل ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پانچ سمریوں اور بلوں کی منظوری دے دی، ان میں ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان ترمیمی بل 2026، مالیاتی اداروں کی مالی رقوم کی وصولی ترمیمی بل 2026 اور وفاقی بورڈ آف ریونیو ترمیمی (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت نے محمد علی ملک کو پانچ سال کیلئے ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک مقرر کردیا

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے محمد علی ملک کو پانچ سال کیلئے ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک مقرر کردیا۔ نئی تقرری (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

سوئی کو ایک جدید اور مثالی سوئی سٹی بنایا جائیگا، سرفراز بگٹی

سوئی میں گزشتہ پچاس سال اور موجودہ حکومت کے دو سالہ دور کی ترقی کے درمیان نمایاں فرق نظر آنا چاہیے‘ سوئی کے عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

پہلے مرحلے کے تحت سوئی میں روشن سڑکوں، سیوریج سسٹم، میر غلام قادر بگٹی اسٹیڈیم، لیڈیز پارک، بس ٹرمینل، ٹرک اسٹینڈ اور دیگر بنیادی شہری سہولیات کے منصوبے مکمل کیے جائیں گے‘ وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت سوئی ماسٹر پلان پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس منگل کو یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ، ڈسٹرکٹ کونسل ڈیرہ بگٹی کے وائس چیئرمین میر جمال خان کلپر اور دیگر اسٹیک ہولڈرز و متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ ویڈیو لنک کے ذریعے رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے بورڈ حکام، کمشنر سبی ڈویژن، ڈپٹی کمشنر ساؤتھ ڈیرہ بگٹی زوہیب الحسن، اور چیئرمین میونسپل کمیٹی سوئی عزت امان بگٹی شریک ہوئے اجلاس میں سوئی ماسٹر پلان فیز ون پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور شرکاء کو منصوبے کے مختلف اجزاء کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پہلے مرحلے کے تحت سوئی میں روشن سڑکوں، سیوریج سسٹم، میر غلام قادر بگٹی اسٹیڈیم، لیڈیز پارک، بس ٹرمینل، ٹرک اسٹینڈ اور دیگر (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سوئی ماسٹر پلان پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی زیرصدارت اجلاس، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو درپیش مسائل کا جائزہ

پاکستانی تارکین وطن ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لینے کیلئے ایک اجلاس کی صدارت کی۔ منگل کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کو حکومت کی جانب سے اب تک کیے گئے مختلف اقدامات سے آگاہ کیا گیا جو بیرون ملک پاکستانیوں کے ممتاز (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

ہمارے نوجوان ہماری قوم کا انمول سرمایہ اور ہمارے روشن مستقبل کے معمار ہیں‘ شہباز شریف

سب کو متحد ہو کر بھرپور انداز میں ملکی ترقی و خوشحالی میں تعمیری اور فعال کردار ادا کرنا چاہیے، وزیراعظم کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمارے نوجوان ہماری قوم کا انمول سرمایہ اور ہمارے روشن مستقبل کے معمار ہیں، سب کو متحد ہو کر بھرپور انداز میں ملکی ترقی و خوشحالی میں تعمیری اور فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ منگل کو نوجوانوں کے عالمی دن 12 اگست 2026 پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر نوجوانوں کے عالمی دن پر، تمام باصلاحیت نوجوانوں کو انکی بیش قیمت قدرتی (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

حکومت پاکستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے پرعزم ہے — صدر زرداری

نوجوانوں کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے بااختیار بنانا محض ان کے مستقبل میں ہی نہیں بلکہ درحقیقت پاکستان کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے

وزیراعظم یوتھ پروگرام حکومتِ پاکستان کا نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے حوالے سے فلیگ شپ پروگرام ہے، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ حکومتِ پاکستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے پُرعزم ہے۔ نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر زرداری نے کہا کہ میں پاکستان کے نوجوانوں کو دلی مبارکباد دیتا ہوں اور عالمی برادری کے ساتھ مل کر ان کی توانائی، استقامت، تخلیقی صلاحیتوں اور ایک پُرامن، خوشحال اور پائیدار مستقبل کی تعمیر کے عزم کو بھی سراہتا ہوں۔ انہوں (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے سینیگال کے وزیرخارجہ کا ٹیلیفونک رابطہ، دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سینیگال نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق منگل کو وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی سینیگال کے وزیر خارجہ شیخ نیانگ سے ٹیلی فونک گفتگو ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

ایکسپورٹرز پر ٹیکس دو فیصد سے کم کر کے 1.25 فیصد کر دیا گیا ہے، ایف بی آر

ایف بی آر میں اصلاحات ٹیکس پالیسی کو بہتر کرنا چاہتے ہیں، سینیٹر طلحہ محمود

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ایکسپورٹرز پر ٹیکس دو فیصد سے کم کر کے 1.25 فیصد کر دیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس پیپلز پارٹی (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

مصطفیٰ کمال سے ترکیہ کے اعلیٰ سطحی تکنیکی وفد کی ملاقات

پاکستان صحت کے شعبے میں خود انحصاری اور نظام کی پائیداری کے وسیع ایجنڈے پر عمل پیرا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے ترکیہ کے اعلیٰ سطحی تکنیکی وفد نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ صحت میں تکنیکی تعاون کو مزید فروغ دینے اور باہمی تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترکیہ کے تکنیکی وفد کے دورہ پاکستان کا مقصد ملک میں صحت کے شعبے میں تعاون کے نئے امکانات کا جائزہ لینا ہے۔

وزیراعظم کا پنجگور میں 5 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ضلع پنجگور میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز میں 5 دہشت گردوں کو ہلاک (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

یوسف رضا گیلانی کی جنرل سید عامر رضا کو نشانِ امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی تقریب میں شرکت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ایوانِ صدر میں منعقدہ خصوصی تقریب میں شرکت کی، جہاں صدر مملکت آصف علی زرداری (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

پنجگور سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا

اسلحہ، گولہ بارود تباہ کر دیا گیا‘ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے‘ آئی ایس پی آر

پنجگور میں آپریشن کرکے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا‘ آپریشن میں بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات بلوچستان کے ضلع پنجگور میں آپریشن کرکے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ آپریشن میں بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کیخلاف آپریشن میں قبضے میں لیا گیا اسلحہ (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی فتحِ مبین کے سفر کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی، سرفراز احمد بگٹی

پاکستان کی عالمی سطح پر عزت اور وقار میں اضافہ ہو رہا ہے‘ وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے آئندہ سال مئی میں کوئٹہ میں ”بیان المرصوص“ کے عنوان سے عالمی سطح کی خطاطی نمائش کے انعقاد کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نمائش میں اسلامی دنیا، ترکی اور دیگر ممالک کے معروف خطاط و فنکار شرکت کریں گے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جیل میں ملاقات کرادی گئی

ملاقات 45 منٹ جاری رہی، دونوں نے ایک دوسرے کی خیریت دریافت کی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی اڈیالہ جیل میں ملاقات کرادی گئی۔ ذرائع کے مطابق دونوں کی ملاقات کانفرنس روم میں کرائی گئی، جیل ذرائع کے مطابق ملاقات 45 منٹ جاری رہی اور دونوں نے ایک دوسرے کی خیریت دریافت کی۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ ملاقات کے بعد دونوں کو اپنے اپنے سیل میں منتقل کر دیا گیا۔ قبل (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں اقلیتوں کے مذہبی مقامات اور جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے‘ مولانا فضل الرحمٰن

ملک میں مذہبی ہم آہنگی، امن اور انصاف کے قیام کیلئے اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک میں مذہبی ہم آہنگی، امن اور انصاف کے قیام کیلئے اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے، پاکستان میں مختلف مذاہب اور قومیتوں کے لوگ باہمی احترام اور اخوت کے ساتھ رہ سکتے ہیں، پاکستان میں اقلیتوں کے مذہبی مقامات اور جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ اقلیتوں کے (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں میں مبینہ اربوں کی ٹیکس چوری، اعلیٰ سطح کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں میں مبینہ اربوں روپے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد، صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی جشن آزادی کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں

عوامی خدمت اور مسائل کا بروقت حل اولین ترجیحات میں شامل ہے، علی مدد جتک

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور شہری مسائل کے ازالے کیلئے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جا رہا ہے

عوامی ضروریات اور ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے ترقیاتی منصوبوں پر بھی توجہ دی جا رہی ہے‘ صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے جتک ہاؤس، آصف آباد میں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے دوست احباب، عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، حلقہ انتخاب کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوام کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا پنجگور میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے علاقے پنجگور میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

عمران خان سے ملاقات کرادی جائے تو سیاسی بات نہیں کریں گے، علیمہ خان

بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے خبریں ٹاؤٹس کے ذریعے پھیلائی جا رہی ہیں، جس طرح حالات تبدیل ہو رہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

محکمہ صحت میں مون سون کی تیاریوں اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اجلاس

مون سون اور ممکنہ سیلابی صورتحال، محکمہ صحت کا ہنگامی پلان تیار کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت اور ڈائریکٹر جنرل محکمہ صحت کی ہدایات پر محکمہ صحت میں مون سون کی تیاریوں اور ممکنہ ہنگامی صورتحال (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

پاکستانی قوم اپنے اسلاف کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے — صادق عمرانی

پاکستان کے قیام اور غلامی کی زنجیروں سے نجات کیلئے ہمارے بزرگوں نے بے مثال قربانیاں دیں جو ہماری قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں

پاکستان کی 79ویں سالگرہ کے موقع پر نصیرآباد میں بھی جشنِ آزادی کو قومی جوش و جذبے، وقار اور شایانِ شان انداز میں منایا جائے گا‘ صوبائی وزیر اریگیشن

نصیرآباد (خ ن) صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ زندہ قومیں اپنے آباؤ اجداد اور اسلاف کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں، پاکستان کے قیام اور غلامی کی زنجیروں سے نجات کیلئے ہمارے بزرگوں نے بے مثال قربانیاں دیں جو ہماری قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں۔ پاکستان کی 79ویں سالگرہ کے موقع پر نصیرآباد میں بھی جشنِ آزادی کو قومی جوش و جذبے، وقار اور شایانِ شان انداز میں منایا جائے گا، عمرانی ہاؤس نصیرآباد میں چراغاں اور آتش بازی کے ذریعے وطنِ عزیز سے والہانہ محبت اور قومی یکجہتی کا اظہار کیا جائے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

ماہ ربیع الاول کا چاند دیکھنے کیلئے ضلعی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 13 اگست کو طلب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ آفس سے جاری کردہ ایک سرکلر کے مطابق ماہِ ربیع الاوّل 1448 ہجری کے چاند کی رویت (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

آذربائیجان کے سبکدوش سفیر کی شزہ فاطمہ سے ملاقات، وفاقی وزیر نے سفیر کو یادگاری شیلڈ پیش کی

اسلام آباد (این این آئی) آذربائیجان کے سبکدوش ہونے والے سفیر خزر فرہادوف نے فیڈرل منسٹر برائے آئی ٹی و (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی معروف خطاط واصل شاہد کے فن پارے دیکھ رہے ہیں صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ و دیگر بھی ہمراہ ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی معروف خطاط واصل شاہد سرینا ہوٹل کی جانب سے منعقدہ رسول رحمت ﷺ خطاطی نمائش کی افتتاح تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

BFC کاروباری سہولت کاری کے اپنے مقصد کی جانب تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، بلال کاکڑ

بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کا قیام صوبے میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے

گزشتہ چھ ماہ کے دوران بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر میں مجموعی طور پر 2,902 درخواستوں کا پراسیس مکمل کیا گیا،

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان سرمایہ بورڈ کے زیر اہتمام قائم کیے گئے بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر (BFC) نے اپنے قیام کے بعد ابتدائی چھ ماہ کے دوران کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے نمایاں پیش رفت کی ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ چھ ماہ کے دوران بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر میں مجموعی طور پر 2,902 درخواستوں (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

کاروباری اداروں کو ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل تبدیلی کے تقاضوں کے مطابق خود کو مسلسل ڈھالنا ہوگا، محمد اورنگزیب

حکومت، نجی شعبے کے درمیان مسلسل تعاون کے ذریعے ان شعبوں میں بہتری لائی جاسکتی ہے جہاں مزید اقدامات کی ضرورت ہے

ایسے ٹیکس نظام کی تشکیل کیلئے وسیع البنیاد مشاورت ضروری ہے‘ سرمایہ کاری، ڈیجیٹل تبدیلی اور نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے پاکستان بزنس کونسل کے نومنتخب چیئرمین زید بشیر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید قریشی نے ملاقات کی، جس میں سرمایہ کاری، کاروباری مسابقت، ریگولیٹری اصلاحات اور پاکستان کی معاشی ترقی میں نجی شعبے کی شمولیت کو مزید مضبوط بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے زید بشیر کو نئی ذمہ داری سنبھالنے پر نیک (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

سانحہ بابڑہ ہماری تاریخ کا دردناک باب ہے، زمرک اچکزئی

شہداء کی یاد ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گی، ان کی قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ سانحہ بابڑہ ہماری تاریخ کا ایک دردناک باب ہے، جسے کبھی بھلایا (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں موبائل فونز کی مقامی اسمبلی، چینی برانڈز سرفہرست

رواں سال پاکستان میں 13.1 ملین موبائل فونز مقامی سطح پر تیار کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جنوری سے جون 2026 کے (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری نے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے، جمال شاہ کاکڑ

اقلیتی برادری کے مسائل کا حل اور انہیں قومی دھارے میں مزید موثر انداز میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

زندہ قومیں اپنے مسائل کا سامنا خود کرنا اور اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا سیکھتی ہیں‘ رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ملک میں اتحاد، بھائی چارے اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ پر یقین رکھتی ہے۔ پاکستان کی ترقی اور استحکام کیلئے ضروری ہے کہ تمام شہری مذہب، رنگ اور نسل سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کے حقوق کا احترام کریں اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ پاکستان میں بسنے والی (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ایک تاریخی پیشرفت ہے‘ چوہدری نعیم کریم

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ایک تاریخی پیشرفت ہے اس سے پاکستان کی دفاعی صلاحیت مزید مضبوط ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کو ملکی تاریخ کا اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ایک تاریخی پیشرفت ہے اس سے پاکستان کی دفاعی صلاحیت مزید مضبوط ہوگی، پاک، سعودیہ، ترکیہ دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کی وحدت و مشترکہ سلامتی کو مضبوط کرے گا۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر حاجی مدد جتک سے انکی رہائش گاہ پر قبائلی عمائدین اور علاقے کے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کا مستقبل نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے‘ رانا مشہود احمد خاں

موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے قومی سطح پر اجتماعی کوششوں اور رضاکارانہ سرگرمیوں کو فروغ دینا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خاں نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، نوجوان ملک کی قیادت سنبھالنے کیلئے خود کو تیار کریں، موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے قومی سطح پر اجتماعی کوششوں اور رضاکارانہ سرگرمیوں کو فروغ دینا ہوگا۔ منگل کو نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009 ۔اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

مکہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی، خوشحالی کیلئے ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے کا مقصد قطعی جارحیت نہیں ہے، یہ معاہدہ تینوں ملکوں کے درمیان خطے میں امن، سلامتی، خوشحالی کیلئے ہے، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دہائیوں پر محیط تعاون موجود ہے، حرمین شریفین کے تحفظ کی ذمہ داری پاکستان کے عوام اور افواج کیلئے اہم فریضہ ہے، آزاد کشمیر کے انتخابی نتائج قائد مسلم لیگ ن نواز شریف پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہیں، بعض عناصر نے آزاد کشمیر کے حالات جان بوجھ کر خراب کرنے کی کوشش کی، مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکالا جاتا ہے، لاقانونیت اور انارکی کی اجازت نہیں دیں گے، پیشکش کی تھی کہ نئی اسمبلی میں مقدمہ لے کر جائیں، اکثریت سے مہاجرین کی نشستوں کا فیصلہ کریں گے، جو امن کیساتھ بات چیت کرنا چاہے اس کیلئے موقع فراہم کیا جائے گا، دہشتگردی کے خلاف قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، وطن عزیز سے ایک مرتبہ پھر دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ ہوگا۔ دہائیوں سے پاکستان سعودی عرب کے ساتھ مل کر حرمین شریفین کی حفاظت کا فریضہ نبھاتا رہا ہے، گزشتہ سال اس سلسلے میں باقاعدہ معاہدہ طے پایا تھا، اسی معاہدے کی توسیع ہوئی ہے، تینوں ممالک کے درمیان یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور خوشحالی کے لئے ہے، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بھی دہائیوں پر محیط تعاون موجود ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ دفاعی معاہدہ پہلے سے موجود تعاون کا تسلسل ہے۔ حرمین شریفین کے تحفظ کی ذمہ داری پاکستان کے عوام اور افواج کے لئے اہم فریضہ ہے۔ سہ فریقی دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف قطعا جارحیت نہیں، یہ صرف اور صرف دفاعی مقاصد اور خطے کے امن ترقی اور خوشحالی کیلئے ہے۔ معاہدہ امت مسلمہ کے لئے باعث تقویت ہے۔ وزیراعظم نے سہ فریقی معاہدے کے لئے نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو سراہا۔ یہ کئی برسوں کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم نے وطن عزیز سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں نے بعض علاقوں میں دہشت گردی کا بازار گرم کیا۔ مختلف واقعات میں ہمارے پولیس اور افواج پاکستان کے آفیسرز اور جوان شہید ہوئے۔ ہنگو، سوات اور دیگر علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہمارے بہادر سپوتوں نے عظیم قربانیاں دی ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انشااللہ وطن عزیز سے ایک مرتبہ پھر دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ ہوگا۔

ہنر ہی معاشی خودمختاری کا راستہ ہے

انسانی تاریخ گواہ ہے کہ وہی قومیں طویل عرصے تک ترقی کی راہ پر گامزن رہی ہیں، جنہوں نے اپنے لوگوں کو علم کے ساتھ ہنر، عملی صلاحیتیں اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے۔ کسی بھی ملک کی اصل طاقت صرف اس کے قدرتی وسائل، جدید عمارتوں یا مشینوں میں نہیں، بلکہ اس کے لوگوں کے علم، قابلیت، محنت اور ہنر میں ہوتی ہے۔ آج کی تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں صرف ڈگری حاصل کرنا روزگار کی ضمانت نہیں۔ ڈگری انسان کو علم اور نظریاتی معلومات ضرور فراہم کرتی ہے، لیکن عملی ہنر اس علم کو کام، پیداوار اور آمدنی میں تبدیل کرنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔ اسی لیے موجودہ دور میں تعلیم کے ساتھ عملی مہارت حاصل کرنا فرد کی کامیابی اور قومی ترقی کے لیے بنیادی ضرورت بن چکا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ''ہنر وہ خزانہ ہے جسے نہ چور چرا سکتا ہے اور نہ وقت اس کی قدر کم کرسکتا ہے۔'' ایک ماہر شخص اپنی صلاحیت کو مختلف حالات میں استعمال کرکے روزگار حاصل کرسکتا ہے، اپنے خاندان کا سہارا بن سکتا ہے اور معاشرے میں خودمختار زندگی گزار سکتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں اب بھی یہ تصور مضبوط ہے کہ کامیابی کا واحد راستہ یونیورسٹی کی ڈگری اور سرکاری ملازمت ہے، حالانکہ ہر نوجوان کی دلچسپی، قابلیت اور مزاج ایک جیسا نہیں ہوتا۔ مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب تعلیم کا مقصد علم اور قابلیت میں اضافے کے بجائے صرف ڈگری حاصل کرنے تک محدود ہو جائے اور عملی مہارتوں کو نظرانداز کر دیا جائے۔ ہر سال ہزاروں نوجوان مختلف شعبوں میں ڈگریاں حاصل کرکے روزگار کی تلاش میں مارکیٹ کا رخ کرتے ہیں، لیکن ان میں سے بہت سے نوجوانوں کے پاس صنعت، کاروبار اور جدید روزگار کی ضروریات سے ہم آہنگ عملی صلاحیتیں موجود نہیں ہوتیں۔ نتیجتاً ڈگری ہاتھ میں ہونے کے باوجود وہ اپنی تعلیمی قابلیت کے مطابق مارکیٹ میں روزگار حاصل نہیں کر پاتے۔ آج کے دور میں صرف ڈگری کافی نہیں؛ کامیابی کے لیے علم کے ساتھ عملی مہارت، تخلیقی سوچ اور مسائل حل کرنے کی صلاحیت بھی ضروری ہے۔ ایک انجینئر اگر جدید سافٹ ویئر استعمال کرنا جانتا ہے، استاد ڈیجیٹل ٹولز کے ذریعے تعلیم دیتا ہے، زرعی ماہر جدید ٹیکنالوجی سے واقف ہے یا کاروباری شخص ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور مالیاتی انتظام کو سمجھتا ہے تو اس کی تعلیم زیادہ مؤثر اور کارآمد بن جاتی ہے۔ اس لیے ہمیں ''ڈگری یا ہنر'' کے بجائے ''ڈگری کے ساتھ ہنر'' کی سوچ کو فروغ دینا چاہیے۔

دنیا کے کئی کامیاب ممالک کا تجربہ بھی اس سوچ کی اہمیت کو ثابت کرتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد جاپان نے تکنیکی تعلیم، تحقیق، نظم وضبط اور صنعت پر توجہ دے کر اپنی معیشت کو دوبارہ مضبوط کیا۔ جرمنی نے نوجوانوں کو نظریاتی تعلیم کے ساتھ عملی تربیت فراہم کرنے کے لیے پیشہ ورانہ تربیتی نظام کو مضبوط بنایا، جس کے نتیجے میں صنعتوں کو تربیت یافتہ افرادی قوت اور نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع میسر آئے۔ چین نے فنی تربیت، پیداوار اور صنعت کو بڑے پیمانے پر فروغ دیا، جبکہ جنوبی کوریا نے تعلیم، تحقیق، ٹیکنالوجی اور مہارتوں کو معاشی ترقی کے ساتھ جوڑا۔ ان ممالک کا تجربہ بتاتا ہے کہ اگر انسانی وسائل کو علم، تربیت اور درست حکمتِ عملی کے ذریعے مضبوط بنایا جائے تو محدود قدرتی وسائل کے باوجود ایک ملک عالمی معاشی طاقت بن سکتا ہے۔ ہمارے لیے ان مثالوں کا سبق یہ ہے کہ نوجوانوں کو صرف امتحانات کے لیے نہیں بلکہ عملی زندگی میں ہنر اور مسلسل سیکھنے کے لیے بھی تیار کرنا ہوگا۔

آج جب دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے، وہاں روایتی دستکاری، مشینی کام، الیکٹریشن، پلمبنگ اور دیگر فنی شعبوں کے ساتھ ویب ڈویلپمنٹ، گرافک ڈیزائن، ویڈیو ایڈیٹنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ای کامرس، ڈیٹا اینالیسس، سائبر سیکیورٹی، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ اور مصنوعی ذہانت سے متعلق مہارتیں روزگار کے نئے دروازے کھول رہی ہیں۔ ایک لیپ ٹاپ، انٹرنیٹ اور مناسب مہارت کے ذریعے کسی چھوٹے شہر یا گاؤں کا نوجوان بھی عالمی مارکیٹ سے منسلک ہو سکتا ہے۔ فری لانسنگ اور آن لائن خدمات کے ذریعے وہ پاکستان کے اندر اور بیرون ملک صارفین کے لیے کام کرکے آمدنی حاصل کر سکتا ہے۔ مصنوعی ذہانت اور آٹومیشن کے دور میں بہت سے کاموں کی نوعیت تبدیل ہو رہی ہے، اس لیے مستقبل ان لوگوں کا ہے جو مسلسل سیکھنے، نئی مہارتیں حاصل کرنے اور ٹیکنالوجی کے ساتھ آگے بڑھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

اس مقصد کے لیے ہمارے تعلیمی نظام میں بنیادی تبدیلی کی ضرورت ہے۔ اسکولوں اور کالجوں میں طلبہ کو ان کی دلچسپی اور صلاحیت کے مطابق فنی اور عملی مہارتیں سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ ہر ضلع میں جدید ٹیکنیکل اور ووکیشنل تربیتی مراکز قائم کیے جائیں، جہاں مقامی صنعت اور عالمی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق تربیت دی جائے۔ ان اداروں کو صنعتوں کے ساتھ منسلک کرکے طلبہ کے لیے عملی تربیت اور انٹرن شپ کے مواقع پیدا کیے جائیں، تاکہ تعلیم اور روزگار کے درمیان موجود فاصلہ کم ہو سکے۔ فنی تربیت کو صرف سرٹیفکیٹ جاری کرنے تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ تربیت مکمل کرنے والے نوجوانوں کو آسان شرائط پر قرضے اور کاروباری رہنمائی بھی فراہم کی جائے۔ ایسی معاونت کے ذریعے نوجوان اپنا چھوٹا کاروبار شروع کر سکتے ہیں اور خود روزگار حاصل کرنے کے ساتھ دوسروں کے لیے بھی روزگار پیدا کر سکتے ہیں۔ حکومت، تعلیمی اداروں اور صنعتوں کی مشترکہ کوششوں سے ایسا نظام قائم کیا جاسکتا ہے جس میں تعلیم اور تربیت سے لے کر روزگار تک نوجوانوں کی رہنمائی کی جائے۔

والدین کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے بچوں پر صرف روایتی پیشوں کا دباؤ ڈالنے کے بجائے ان کی دلچسپی، قابلیت اور صلاحیت کو سمجھیں۔ ہر بچے کے لیے یونیورسٹی کی ڈگری ہی کامیابی کا واحد راستہ نہیں؛ کسی میں کاروبار کی صلاحیت ہوتی ہے، کسی میں فنی ہنر اور کسی میں ٹیکنالوجی کا شوق اور قابلیت۔ اگر بچوں کو اپنی صلاحیت کے مطابق راستہ منتخب کرنے کا موقع دیا جائے تو وہ زیادہ اعتماد اور ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھ سکتے ہیں۔ معاشرے کو بھی محنت کرنے والے اور ہنرمند افراد کو عزت دینی چاہیے، کیونکہ ملک کی روزمرہ زندگی کی بہت سی ضروریات انہی ماہر ہاتھوں سے پوری ہوتی ہیں۔

پاکستان میں نوجوان آبادی کا ایک بڑا حصہ موجود ہے، جو اگر جدید تعلیم، فنی تربیت اور عملی تجربہ حاصل کرے تو ملک کے لیے قیمتی انسانی سرمایہ بن سکتا ہے۔ لیکن اگر نوجوانوں کو مناسب مہارت اور روزگار کے مواقع نہ ملے تو یہی آبادی بے روزگاری، غربت اور سماجی بے چینی کے مسائل میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے۔ ہمارے ملک میں بہت سے نوجوان ڈگریاں حاصل کرنے کے بعد برسوں تک سرکاری ملازمتوں کے منتظر رہتے ہیں، جبکہ ملازمتیں محدود اور امیدواروں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ اس لیے نوجوانوں کو صرف ملازمت تلاش کرنے والا بنانے کے بجائے ایسی تربیت فراہم کرنا ضروری ہے جس کے ذریعے وہ اپنی صلاحیت کو روزگار اور کاروبار میں تبدیل کر سکیں۔ ایک ماہر الیکٹریشن، مکینک، کاریگر، ٹیکنیشن، ڈیزائنر یا پروگرامر اپنی خدمات کے ذریعے آمدنی حاصل کرنے کے ساتھ آگے چل کر دوسروں کیلئے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرسکتا ہے۔

یہ کہا جا سکتا ہے کہ ضرورت ایک ایسی قومی حکمتِ عملی کی ہے جو علم کو مہارت سے، مہارت کو روزگار سے اور روزگار کو معاشی پیداوار سے جوڑ دے۔ اگر ہم اپنے نوجوانوں کو جدید علم، فنی تربیت، عملی تجربہ اور کاروباری مواقع فراہم کریں تو وہ صرف ملازمت کے امیدوار نہیں رہیں گے بلکہ ملک کی معاشی سرگرمیوں کے فعال کردار بن سکتے ہیں۔ اس سے صنعت کو تربیت یافتہ افرادی قوت ملے گی، کاروبار فروغ پائے گا، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور خاندانوں کی معاشی حالت بہتر ہوگی۔ قومیں صرف ڈگریاں تقسیم کرنے سے ترقی نہیں کرتیں؛ قومیں اس وقت آگے بڑھتی ہیں جب علم رکھنے والے ذہن، ماہر ہاتھ اور محنت کرنے والے انسان اپنی صلاحیتوں کو قومی ترقی میں تبدیل کرتے ہیں۔

☆☆☆☆

مکہ دفاعی معاہدے کی اہمیت

اسد اللہ غالب

عالم اسلام اس وقت تاریخ کے ایک ایسے انتہائی نازک اور فیصلہ کن موڑ پر کھڑا ہے جہاں روایتی طاقت کے توازن اور عالمی سیاسی حرکیات میں تیز رفتار تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ عالمی افق پر ابھرنے والے نئے سیکیورٹی چیلنجز، معاشی دباؤ، اور خطے میں بدلتے ہوئے تزویراتی منظرنامے نے مسلم دنیا کے اہم ممالک کو اس بات پر مجبور کر دیا ہے کہ وہ روایتی تنہائی اور باہمی انحصار کو ختم کر کے ایک مشترکہ اور مضبوط لائحہ عمل اختیار کریں۔ ایسے حساس اور اہم ترین تاریخی پس منظر میں پاکستان، مملکت سعودی عرب اور جمہوریہ ترکیہ کے درمیان طے پانے والا سہ فریقی دفاعی معاہدہ محض عسکری تعاون کا ایک عام معاہدہ نہیں ہے، بلکہ یہ ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمانوں کے لیے امن، استحکام اور باوقار بقاء کی ایک ناقابل تسخیر علامت بن چکا ہے۔ اس تزویراتی پیش رفت نے عالمی طاقتوں کے ایوانوں میں گہرے اثرات مرتب کیے ہیں اور اس بات کا برملا اعتراف کیا جا رہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا یہ اتحاد آنے والے وقت میں خطے بلکہ پوری دنیا میں طاقت کے توازن کو نئے سرے سے تشکیل دے گا۔ اس عزم محکم کو پڑی پر چڑھانے اور عملی شکل دینے میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مدبرانہ قیادت، جرات مندانہ فیصلوں اور دور اندیش سفارت کاری نے انتہائی کلیدی اور فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے، جسے تاریخ ہمیشہ اچھے الفاظ میں یاد رکھے گی۔

آج کی اس پیچیدہ دنیا میں کوئی بھی ملک خواہ وہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو، اکیلا اپنی سلامتی اور معاشی استحکام کو سو فیصد یقینی نہیں بنا سکتا۔ خطے میں بڑھتی ہوئی روایتی اور غیر روایتی سیکیورٹی کی لہر، سائبر وارفیئر کے خطرات، دہشت گردی کے ناسور، اور عالمی طاقتوں کی مفاد پرست پالیسیوں نے مسلم ممالک کو اس بات کا احساس دلایا ہے کہ وہ اپنے باہمی اختلافات کو پسِ پشت ڈال کر ایک مشترکہ دفاعی چھتری تلے جمع ہوں۔ اس تزویراتی مثلث میں پاکستان، جو دنیا کی واحد اسلامی ایٹمی طاقت ہے اور جس کی افواج کو جنگی تجربے اور پیشہ ورانہ مہارت کے لحاظ سے دنیا کی بہترین افواج میں شمار کیا جاتا ہے، ہراول دستے کا کردار ادا کر رہا ہے۔ دوسری طرف خادم حرمین شریفین کی سرزمین سعودی عرب، جو عالم اسلام کا قلعہ، روحانی مرکز اور عالمی معیشت اور توانائی کا سب سے بڑا ستون ہے، اس اتحاد کی مالی اور سٹریٹجک طاقت ہے۔

☆☆☆

ڈاکٹر عدنان افضل گاذر PHD کو علمی حلقوں کی جانب سے مبارکباد

پاکستان کے لیے ایک اور فخر کا موقع سامنے آیا ہے۔ معروف محقق ڈاکٹر محمد عدنان افضل گاذر کا تحقیقی مقالہ دنیا کے ایک مستند بین الاقوامی جریدے میں شائع ہونے کے لیے منظور کرلیا گیا ہے۔ یہ جریدہ Compost Science & Utilization ہے جو دنیا کی بڑی پبلشنگ کمپنی Taylor & Francis شائع کرتی ہے۔ یہ جریدہ زراعت، ماحولیات اور مٹی کی صحت کے موضوع پر دنیا بھر میں پڑھا اور مانا جاتا ہے۔

علم کی روشنی کے بارے میں شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

علم سے جہاں میں اجالا ہوتا ہے
قوموں کی تقدیر سنورا ہوتا ہے
جو دیا علم کا جل جائے ایک بار
پھر اندھیروں کا راج مٹا ہوتا ہے

ڈاکٹر عدنان افضل گاذر کے مقالے کا عنوان ہے

"Effects of Organic and Synthetic Fertilizers on Earthworm Survival and Growth: Implications for Vermicomposting Feedstock Contamination"

سادہ الفاظ میں اس کا مطلب ہے "نامیاتی اور کیمیائی کھادوں کا کیچوؤں کی بقا اور نشوونما پر اثر اور ورمی کمپوسٹنگ کے خام مال میں آلودگی کے ممکنہ خطرات"۔

اس تحقیق میں ڈاکٹر صاحب نے یہ سائنسی جائزہ پیش کیا کہ کھیتوں میں استعمال ہونے والی نامیاتی کھاد جیسے گوبر، کمپوسٹ اور فیکٹریوں میں تیار ہونے والی مصنوعی کھاد کیچوؤں کی زندگی پر کیا اثر ڈالتی ہیں۔ کیچوے زمین کی زرخیزی بڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ مٹی کو نرم کرتے ہیں، ہوادار بناتے ہیں اور فصلوں کے لیے خوراک مہیا کرتے ہیں۔ تحقیق میں یہ بھی واضح کیا گیا کہ ورمی کمپوسٹنگ یعنی کیچوؤں کے ذریعے نامیاتی کھاد بنانے کے لیے جو خام مال استعمال ہوتا ہے اگر وہ آلودہ ہو تو اس سے کیچوؤں کی صحت اور پیداوار پر کیا منفی اثرات پڑ سکتے ہیں۔

جریدے کے 2025 کے اعداد وشمار کے مطابق Compost Science & Utilization کا Impact Factor 1.2 ہے۔ اس کا 5 سالہ Impact Factor 2.2 ہے۔ Scopus CiteScore 1.2، SNIP 0.676 اور SJR 0.246 ہے۔ یہ تمام اشارے بتاتے ہیں کہ یہ ایک معیاری اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ تحقیقی جریدہ ہے۔

اس کامیابی کو مزید خاص بنانے والی بات یہ ہے کہ یہ مقالہ ڈاکٹر عدنان افضل گاذر نے ایک طالب علم کے تھیسس کی بنیاد پر خود تیار کیا۔ انہوں نے تھیسس کی اصلاح سے لے کر ڈیٹا کا تجزیہ، مقالہ لکھنے، جریدے کی فارمیٹنگ، آن لائن جمع کروانے، ریویورز کے سوالات کے جوابات دینے، ضروری ترامیم کرنے اور حتمی منظوری حاصل کرنے تک تمام مراحل خود انجام دیے۔ یہ محنت اور لگن کا نتیجہ ہے کہ آج یہ مقالہ عالمی سطح پر پذیرائی حاصل کرنے جا رہا ہے۔

ڈاکٹر محمد عدنان افضل گاذر ماشاءاللہ بھائی محمد افضل گاذر کے صاحبزادے ہیں۔ بھائی محمد افضل گاذر وہاڑی چیمبر آف کامرس انڈسٹری کے ممبر اور صدر پریس کلب کرمپور ہیں۔ راقم الحروف ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاذر کو یہ جان کر دلی خوشی ہوئی کہ بھائی محمد افضل گاذر کے صاحبزادے نے علمی میدان میں ملک کا نام روشن کیا اور ان کی تحقیق ایک بین الاقوامی جریدے میں منظور ہوئی۔

اس موقع پر ایک اور شعر اس کامیابی کی مناسبت سے پیش ہے:

محنت سے ملتی ہیں منزلیں، لگن سے ملتے ہیں مقام
نامہ اعمال میں لکھے جاتے ہیں ایسے ہی کام

اس موقع پر علمی، تحقیقی اور سماجی حلقوں نے ڈاکٹر عدنان افضل کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ہم بھی بھائی محمد افضل گاذر کو بیٹے کی اس عظیم کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی بھائی محمد افضل گاذر کے بیٹے ڈاکٹر محمد عدنان افضل کو علم وتحقیق کے میدان میں مزید ترقیاں اور کامیابیاں عطا فرمائے۔ اللہ انہیں قوم و ملک کی خدمت کے لیے مزید توفیق دے۔ آمین

آخر میں تحقیق اور کامیابی کے نام یہ شعر:

اٹھتا ہے جو علم کا پرچم، زمانہ جھکتا ہے اسے
نسلِ نو کا مقدر لکھتے ہیں ایسے ہی بیٹے

☆☆☆☆

تنظیمیں بڑھ رہی ہیں، تربیت گھٹ رہی ہے

تحریر:۔ذوالفقار علی طارق قادری

پاکستان میں ٹیکس اصلاحات، مالی نظم وضبط اور محصولات میں اضافے کی بحث کوئی نئی نہیں، لیکن مالی سال 26-2025ء کے اختتام پر سامنے آنے والے اعداد وشمار نے ایک مرتبہ پھر اس بنیادی سوال کو زندہ کردیا ہے کہ آخر ریاستی مالیات کا اصل بوجھ کون اٹھا رہا ہے؟ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی عبوری رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران مجموعی طور پر 13 ہزار 10 ارب روپے محصولات جمع کیے گئے، مگر ان اعداد وشمار کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ تنخواہ دار طبقے نے اکیلے 633 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو ملک کے کئی بااثر اور منظم معاشی شعبوں کی مشترکہ ادائیگیوں سے بھی زیادہ ہے۔ یہ صورتِ حال نہ صرف پاکستان کے ٹیکس ڈھانچے کی نوعیت کو واضح کرتی ہے بلکہ اس نظام میں موجود ساختی عدم توازن کی بھی نشاندہی کرتی ہے۔

تنخواہ دار طبقہ پاکستان میں ہمیشہ سے ٹیکس وصولی کا سب سے آسان اور قابلِ اعتماد ذریعہ رہا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس طبقے کی آمدن مکمل طور پر دستاویزی ہوتی ہے اور اس پر ٹیکس براہِ راست منبع پر کاٹ لیا جاتا ہے۔ چنانچہ ٹیکس بچانے، آمدن چھپانے یا گوشواروں میں ردوبدل کی گنجائش نہ ہونے کے برابر رہ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ مالی سال میں اس طبقے کی جانب سے ادا کردہ 633 ارب روپے قومی محصولات میں ایک نمایاں حصہ بن کر سامنے آئے۔ حیرت انگیز طور پر یہ رقم برآمد کنندگان کے 174 ارب روپے، ریٹیل سیکٹر کے 70 ارب روپے اور رئیل اسٹیٹ کے کئی اہم زمروں کی ادائیگیوں سے کہیں زیادہ ہے۔ یہ اعداد وشمار اس تاثر کو مزید مضبوط کرتے ہیں کہ پاکستان کا ٹیکس نظام اب بھی اُن طبقات پر زیادہ انحصار کرتا ہے جن سے وصولی نسبتاً آسان ہے۔

دوسری جانب برآمدی شعبہ جسے ملکی معیشت کی شہ رگ قرار دیا جاتا ہے، گزشتہ دو برسوں سے تقریباً یکساں ٹیکس ادا کررہا ہے۔ مالی سال 26-2025ء میں برآمد کنندگان نے 174 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جبکہ اس سے قبل یہ رقم 176 ارب روپے تھی۔ بظاہر یہ استحکام دکھائی دیتا ہے، لیکن معاشی ماہرین کے نزدیک یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ کیا ملکی برآمدات اور ان سے حاصل ہونے والی آمدن کی حقیقی تصویر ٹیکس اعداد وشمار میں پوری طرح جھلکتی ہے؟ پاکستان میں برآمدی شعبے کو مختلف ادوار میں خصوصی مراعات، ٹیکس کی رعایتی شرح اور مالی سہولتیں فراہم کی جاتی رہی ہیں تاکہ برآمدات میں اضافہ ہو اور زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم رہیں، تاہم اس کے باوجود برآمدی کارکردگی اور ٹیکس شراکت کے درمیان مطلوبہ توازن اب بھی بحث کا موضوع ہے۔

رئیل اسٹیٹ کا شعبہ بھی پاکستان کی معیشت میں ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ ایک طرف اسے سرمایہ کاری، تعمیرات اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے والا اہم شعبہ سمجھا جاتا ہے، جبکہ دوسری طرف یہی شعبہ اکثر غیر دستاویزی سرمایہ کاری اور غیر پیداواری اثاثہ جاتی سرگرمیوں کے حوالے سے تنقید کا سامنا کرتا ہے۔ گزشتہ مالی سال میں جائداد فروخت کرنے والوں سے 191 ارب روپے اور خریداروں سے 87 ارب روپے ٹیکس وصول کیا گیا۔ اگرچہ فروخت کنندگان سے حاصل ہونے والی رقم میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، لیکن ماہرین کے نزدیک رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی مجموعی معاشی سرگرمیوں اور اس کے ٹیکس تعاون کے درمیان اب بھی ایک واضح خلا موجود ہے۔ دنیا کی ترقی یافتہ معیشتوں میں جائداد سے حاصل ہونے والے منافع، سرمایہ جاتی فوائد اور غیر استعمال شدہ اثاثوں پر نسبتاً سخت ٹیکس نظام نافذ ہے، جبکہ پاکستان میں اس شعبے کی مکمل دستاویز بندی کا عمل ابھی تک جاری ہے۔

اسی طرح ریٹیل سیکٹر جو ملک کی اقتصادی سرگرمیوں کا ایک بڑا حصہ تصور کیا جاتا ہے، محصولات میں اپنی حقیقی استعداد کے مطابق کردار ادا کرتا دکھائی نہیں دیتا۔ لاکھوں دکانوں، تجارتی مراکز اور کاروباری اداروں پر مشتمل اس شعبے نے مالی سال 26-2025ء میں مختلف ودہولڈنگ ٹیکسوں کی مد میں تقریباً 70 ارب روپے جمع کرائے۔ اگرچہ یہ گزشتہ سال کے مقابلے میں کچھ زیادہ ہیں، لیکن ملک کی مجموعی تجارتی سرگرمیوں کے حجم کو سامنے رکھا جائے تو یہ رقم نسبتاً کم محسوس ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ماہرین مسلسل اس امر پر زور دیتے رہے ہیں کہ ریٹیل سیکٹر کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن اور دستاویز بندی کے بغیر پاکستان میں ٹیکس بیس کو موثر انداز میں وسعت دینا ممکن نہیں۔

ان تمام اعداد وشمار کے درمیان سب سے اہم سوال ٹیکس انصاف کا ہے۔ جدید معاشیات میں ٹیکس نظام کی کامیابی صرف اس بات سے نہیں ناپی جاتی کہ حکومت کتنی رقم جمع کرنے میں کامیاب ہوئی، بلکہ اس بات سے بھی جانچی جاتی ہے کہ یہ بوجھ مختلف طبقات کے درمیان کس حد تک منصفانہ انداز میں تقسیم ہوا۔ ترقی یافتہ ممالک میں ٹیکس پالیسی کا بنیادی اصول یہ ہے کہ زیادہ مالی استطاعت رکھنے والے طبقات زیادہ حصہ ادا کریں اور معاشی سرگرمیوں کے تمام شعبے اپنی حقیقی آمدن کے مطابق قومی خزانے میں حصہ ڈالیں۔ پاکستان میں اس تصور کے برعکس تنخواہ دار طبقہ مسلسل ایک ایسے طبقے کے طور پر سامنے آرہا ہے جو اپنی آمدن کے تناسب سے سب سے زیادہ شفاف اور قابلِ پیمائش ٹیکس ادا کررہا ہے۔

حکومت نے نئے مالی سال کے لیے 15 ہزار 264 ارب روپے کا بلند ترین ٹیکس ہدف مقرر کیا ہے۔ یہ ہدف حاصل کرنا ایف بی آر کے لیے ایک بڑا امتحان ہوگا، خصوصاً ایسے وقت میں جب تنخواہ دار طبقے اور برآمد کنندگان کو جزوی ریلیف دینے کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ اس ہدف کے حصول کے لیے صرف موجودہ ٹیکس دہندگان پر مزید بوجھ ڈالنا نہ تو معاشی طور پر قابلِ عمل ہوگا اور نہ ہی سیاسی طور پر پائیدار۔ اس کیلیے ضروری ہوگا کہ ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جائے، غیر دستاویزی معیشت کو دستاویزی بنایا جائے، جدید ڈیجیٹل نظام متعارف کرائے جائیں اور اُن شعبوں تک رسائی حاصل کی جائے جو اب تک موثر ٹیکس دائرے سے باہر ہیں۔

اسی تناظر میں ایف بی آر نے ایک نئے آپریٹنگ ماڈل کا اعلان کیا ہے جس کے تحت ٹیکس دہندگان اور ٹیکس افسران کے درمیان براہِ راست رابطے کو کم یا ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ مصنوعی ذہانت، ڈیٹا اینالیٹکس اور خودکار نگرانی کے نظام کو استعمال کرتے ہوئے ٹیکس انتظامیہ کو زیادہ شفاف اور مو?ثر بنانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ اگر یہ اصلاحات کامیابی سے نافذ ہوجاتی ہیں تو پاکستان میں ٹیکس وصولی کے نظام میں ایک بنیادی تبدیلی رونما ہوسکتی ہے، جو نہ صرف محصولات میں اضافے کا باعث بنے گی بلکہ ٹیکس دہندگان کے اعتماد میں بھی اضافہ کرے گی۔ مالی سال 26-2025ء کے اعداد وشمار دراصل ایک بڑی حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں، پاکستان کی مالیاتی بنیاد آج بھی بڑی حد تک اُن لوگوں پر قائم ہے جن کی آمدن مکمل طور پر ریکارڈ میں موجود ہے اور جن کے لیے ٹیکس کی ادائیگی سے گریز تقریباً ناممکن ہے۔ لیکن ایک پائیدار اور منصفانہ معیشت اُسی وقت تشکیل پا سکتی ہے جب ٹیکس کا بوجھ تمام معاشی طبقات اور شعبوں میں متوازن انداز سے تقسیم ہو۔ ریاست کیلئے اصل چیلنج صرف محصولات میں اضافہ نہیں بلکہ ایسا ٹیکس نظام قائم کرنا ہے جو انصاف، شفافیت اور مساوی شراکت کے اصولوں پر استوار ہو۔ یہی وہ راستہ ہے جو پاکستان کو مالی استحکام، معاشی ترقی، ریاست اور شہریوں کے درمیان اعتماد کے نئے راستے کی طرف لے جاسکتا ہے۔

بقیہ 1

نے کہا کہ راولپنڈی مال روڈ پر جو واقعہ پیش آیا، یہ پی ٹی آئی کا طریقہ بن چکا ہے کہ تشدد کی سیاست کرنا، اسلحے سے لیس ہو کے آنا، اور آج جو سیکورٹی اہلکار پر فائرنگ کی گئی، اس کا کوئی جواز نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ میں کل دیکھ رہا تھا جو یہ لانگ مارچ کی بھی کال دی جارہی ہے، ان کے تمام تر احتجاج وہ آن ریکارڈ ہیں کہ یہ ہمیشہ اسلحے سے لیس ہو کے آئے۔انہوں نے سیکورٹی اہلکاروں پر فائرنگ کی، انہوں نے کچھ کو شہید بھی کیا، اور آپ نے دیکھا تھا پچھلی دفعہ کہ پولیس والوں کو، رینجرز کو انہوں نے شہید کیا۔انہوں نے کہا کہ تو یہ پرامن احتجاج میں یقین نہیں کرتے اور ان کے مذموم مقاصد اور عزائم پوری قوم نے دیکھے ہیں کہ اس طرح مسلح ہو کے راولپنڈی مال روڈ پہ سیکورٹی اہلکار پر دن دہاڑے، سرعام فائرنگ کرنا، تو یہ ان کا نظریہ ہے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ تشدد میں، اس طرح کے واقعات میں، یہ یقین کرتے ہیں، اور پی ٹی آئی نے ہمیشہ تشدد کی سیاست کی ہے، اور ان کا کوئی ایک احتجاج بھی پرامن آج تک نہیں ہوا۔عطا تارڑ نے کہا کہ تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ جس طریقے سے آج یہ کیا گیا ہے، بہت ساری چیزیں دنیا کے سامنے آگئی ہیں، جس میں پی ٹی آئی کا جھنڈا اس سے برآمد ہوا، اور دیگر دستاویزات برآمد ہوئے، تو یہ بات توروز روشن کی طرح عیاں ہے کہ کسی بھی احتجاج کے پیچھے ان کا مقصد صرف ایک ہے، ملک میں انارکی پھیلانا، اور ملک کے اندر جولا اینڈ آرڈر کی صورتحال ہے اس کو خراب کرنا، امن وامان کو تباہ کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب بھی پاکستان کو اللہ تعالیٰ کوئی عزت دیتا ہے بین الاقوامی سطح پہ، جیسے آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ابھی جو دفاعی معاہدہ عمل میں آیا، اور اس میں وزیراعظم شہباز شریف صاحب، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بڑی کاوشیں ہیں، ان کی پوری ٹیم کی بڑی کاوشیں ہیں، اس کے ساتھ ہی انہوں نے لانگ مارچ کا اعلان کردیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسے جیسے اوپر جائے گا، ترقی کرے گا، پاکستان کو عزت ملے گی، یہ پی ٹی آئی کو بات ہضم نہیں ہوتی، اور یہ ہر اس موقعے پہ احتجاج کا اعلان کرتے ہیں۔

بقیہ 2

بنیادی شہری سہولیات کے منصوبے مکمل کیے جائیں گے اجلاس کو بتایا گیا کہ ان منصوبوں کو حکومت بلوچستان اور پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے 50،50 فیصد اشتراک سے قلیل مدت میں مکمل کیا جائے گا، جس سے سوئی میں شہری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ سوئی ماسٹر پلان کے تحت جاری تمام منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ غیر معیاری کام کی صورت میں ذمہ دار فرم اور متعلقہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سوئی کو ایک جدید اور مثالی سوک سٹی بنایا جائے گا اور سوئی میں گزشتہ پچاس سال اور موجودہ حکومت کے دو سالہ دور کی ترقی کے درمیان نمایاں فرق نظر آنا چاہیے۔

بقیہ 3

اور ملک بھر سے مختلف اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات شریک تھیں۔وزیراعظم نے کہا کہ 11 اگست کو پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں کے قومی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ مسیحی، ہندو، سکھ اور پارسی کمیونٹی سمیت تمام اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے بھائیوں اور بہنوں کا ہمارے دل میں بہت احترام ہے، اقلیتوں نے تحریک پاکستان میں قائداعظم کا ساتھ دے کر تعمیری کردار ادا کیا جو تاریخ کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے 11 اگست کے خطاب کی روشنی میں اقلیتوں کو آئین پاکستان میں مساوی حقوق حاصل ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ اقلیتی برادریوں نے پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا، تعلیم کے میدان میں کرسچن کمیونٹی کی خدمات کی ستائش نہ کرنا ناانصافی ہوگی۔اس سلسلے میں وزیراعظم نے اپنی اور اپنے بہن بھائیوں کی مسیحی سکولوں میں ابتدائی تعلیم کا بھی ذکر کیا اور یاد دلایا کہ تعلیمی شعبے میں ان کی نمایاں خدمات ہیں۔وزیراعظم نے سیسل چوہدری، جسٹس اے آر کارنیلیس، جوگندر ناتھ منڈل، ایس ایل گبز اور ایس پی سنگھا سمیت مختلف اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں قومی شخصیات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات سے کون واقف نہیں۔انہوں نے کہا کہ اقلیتوں نے جنگوں اور قومی تعمیر کے ہر میدان میں بے بہا خدمات سرانجام دیں، ملکی دفاع کے لئے بھی ان کی قربانیاں ناقابل فراموش اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں انہوں نے بھی اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ ہم سب نے پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لئے مل کر کام کرنا ہے، نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرکے پاکستان کو دنیا میں نمایاں کرنا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ قیام پاکستان سے تعمیر پاکستان تک ہر شعبے میں اقلیتی برادری کا کردار قابل ستائش ہے اور ہم سب نے مل کر ملک کو تعمیر و ترقی اور خوشحالی سے ہم کنار کرنا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ قیام پاکستان کے مقاصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے آگے بڑھنا اور پاکستان کو اقوام عالم میں اس کا مقام دلوانا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب، پاکستان، ترکیہ کے مابین مکہ دفاعی معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں، یہ امن، ترقی اور خوشحالی کو فروغ دینے کیلئے ہے۔انہوں نے خطے میں امن، استحکام اور ترقی کیلئے پاکستان کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔تقریب میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک کے لئے نمایاں خدمات سرانجام دینے والی اقلیتی برادری کی شخصیات کو ایوارڈز اور اعزازات سے بھی نوازا۔قبل ازیں وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے، حکومت اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لئے ضروری اقدامات کر رہی ہے، ملک کے لئے نمایاں خدمات انجام دینے والے اقلیتی برادری کے افراد کو ایوارڈز دیئے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان اقلیتوں کے حقوق کی مکمل ضمانت فراہم کرتا ہے، قائد کے وژن کے مطابق اقلیتوں کے حقوق حکومت کی اولین ترجیح ہے، ان کی عبادت گاہوں کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی گئی ہے، انہیں تعلیمی وظائف دیئے جا رہے ہیں، مالی معاونت کی جا رہی ہے، دس مذہبی تہواروں کو سرکاری سطح پر منانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

بقیہ 4

بلوچستان کے ایڈیٹوریم ہال میں منعقدہ سادہ مگر پروقار تقریب میں ان کے عہدوں کا حلف لیا۔حلف اٹھانے والوں میں جسٹس محمد رؤف عطا، جسٹس اللہ داد روشان، اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی شامل ہیں۔تقریب میں بلوچستان ہائی کورٹ کے معزز ججز، عدلیہ کے افسران و اہلکاروں، وکلا تنظیموں کے عہدیداران، سینئر وکلاء اور وکلا کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر نئے ایڈیشنل ججز کو عدالتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔یاد رہے کہ صدر مملکت نے آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آرٹیکل 197 کو آرٹیکل 175A کی شق (8) کے ساتھ ملا کر حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان ہائی کورٹ میں تین ایڈیشنل ججز کی تقرری کی منظوری دی تھی۔نوٹیفکیشن کے مطابق تینوں ایڈیشنل ججز کی ایک سالہ مدت ان کے عہدوں کا حلف اٹھانے کی تاریخ سے شروع ہوگی۔

بقیہ 5

نے کہا کہ اس سال نوجوانوں کے عالمی دن کا موضوع مختلف حالات، مشترکہ خواہشات" ہمیں یاد دلاتا ہے کہ نوجوان خواہ کسی بھی پس منظر سے تعلق رکھتے ہوں، معیاری تعلیم، باعزت روزگار، جدت و اختراع، مساوات اور معاشرے میں شرکت ان کی مشترکہ خواہشات ہیں۔یہ صرف ریاست کا فرض نہیں بلکہ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہر نوجوان کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا بھرپور موقع فراہم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوانوں کا جوش، تخلیقی صلاحیت اور استقامت پاکستان کے لئے ایک قوت ہیں، ان کے زاویہ نگاہ اور اختراعی خیالات معاشروں کو تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔تعلیم، روزگار، کاروبار، رضا کارانہ سرگرمیوں اور فیصلہ سازی کے عمل میں نوجوانوں کی شمولیت کو یقینی بنا کر ہم معاشرے کی بہتری کیلئے ان کی بے پناہ صلاحیتوں سے استفادہ کر سکتے ہیں، نوجوانوں کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے بااختیار بنانا محض ان کے مستقبل میں ہی نہیں بلکہ درحقیقت پاکستان کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تقریباً 67 فیصد آبادی 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے، اس لیے ہمارے نوجوان قوم کی سب سے بڑی قوت ہیں، خصوصاً نوجوان

خواتین کی امنگیں، صلاحیتیں اور قیادت ہماری سماجی و معاشی ترقی کیلئے نہایت اہم ہیں

بقیہ 6

استعداد، پُرجوش توانائی اور مثبت امنگوں پر خراج تحسین پیش کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ رواں سال نوجوانوں کا عالمی دن مختلف حالات، مشترکہ امنگیں Different Contexts Common Aspiration کے زیر عنوان منایا جا رہا ہے۔یہ موضوع اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ دنیا کے طول و عرض میں نوجوانوں کی زندگی مختلف حالات کے زیر اثر ہوتی ہے مگر تابناک مستقبل کے خواب، امنگیں اور خواہشات یکساں ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان ہماری قوم کا انمول سرمایہ ہیں، نوجوان ہمارے روشن مستقبل کے معمار ہیں۔نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیت اور پُرعزم محنت بلاشبہ معاشرے کے ہر شعبے میں امید افزاء ترقی کا باعث ہے، نوجوان کی صلاحیتوں اور بھرپور استعداد کا اظہار یقینی خوشحال، پُرامن اور مضبوط پاکستان کی تعمیر کیلئے ناگزیر ہے۔پاکستان کی نوجوان آبادی نے مختلف شعبہ ہائے زندگی میں قومی اور عالمی افق پر ملک کا نام روشن کیا ہے اور مقامی سطح پر بھی معاشرہ میں فعال سماجی رکن کی حیثیت سے اپنا تعمیری کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی بہترین ذہنی و جسمانی اور فکری و علمی نشوونما کے لئے تمام دستیاب قومی وسائل کا استعمال حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، حکومت پاکستان نوجوانوں کو عصر حاضر سے ہم آہنگ، جدید اور معیاری تعلیم، فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں کے فروغ، روزگار کے مواقع، کاروبار و صنعت کاری، ڈیجیٹل جدت اور سماجی شمولیت کے ذریعے بااختیار بنانے کیلئے پُرعزم ہے۔حکومت مختلف پالیسیز کے ساتھ ساتھ عملی اقدامات بھی اٹھا رہی ہے تاکہ نوجوان اپنی صلاحیتوں، ہنر اور پیشہ وارانہ استعداد کار کو عالمی معیار سے ہم آہنگ کر سکیں اور عالمی افق پر ملک کا نام روشن کریں

بقیہ 7

نمائندوں سے مشاورت کے بعد ان کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اٹھائے گئے ہیں۔انہیں بیرون ملک پاکستانیوں کی سہولت کیلئے شروع کیے گئے نئے اقدامات کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستانی تارکین وطن ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں، انہوں نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو مختلف خدمات کی فراہمی کیلئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے استعمال کو فروغ دینے پر زور دیا تاکہ انہیں خدمات کے حصول کیلئے ذاتی طور پر دفاتر میں حاضر ہونے کی ضرورت پیش نہ آئے۔

بقیہ 8

کے بعد اسٹیٹ بینک میں تینوں ڈپٹی گورنرز کی آسامیوں پر تعیناتیاں مکمل ہوگئیں۔محمد علی ملک اسٹیٹ بینک میں طویل عرصے سے اہم عہدوں پر ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں اور 2025 میں مانیٹری پالیسی کمیٹی کے رکن بھی رہے۔محمد علی ملک کو مانیٹری مینجمنٹ، ٹریژری، ڈومیسٹک اور فنانشل مارکیٹس کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔

بقیہ 9

۔اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار، نیویارک میں پاکستانی قونصل جنرل عامر اوزئی، امریکی بزنس مین تنویر احمد اور میلسم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عزیر حسن نے گورنر اور ان کے وفد کے ارکان کا ایئرپورٹ پر استقبال کیا۔گورنر مندوخیل انٹرنیشنل یوتھ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام "یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس سمٹ" میں شرکت کے سلسلے میں امریکہ کا دورہ کر رہے ہیں، جہاں وہ پاکستان اور بلوچستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کریں گے۔دریں اثنا پاکستانی سفیر عاصم افتخار گورنر مندوخیل اور ان کے وفد کے اعزاز میں عشائیہ دیں گے۔

بقیہ 10

بل 2026 کی منظوری شامل ہے۔اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے سید علی محمود کو پاکستان سول ایوارڈ عطا کرنے کی منظوری بھی دی، صدر مملکت نے تنظیم اسلامی تعاون کے رکن ممالک کے انسداد بدعنوانی قوانین کے نفاذ میں تعاون سے متعلق مکہ المکرمہ کنونشن کی توثیق کی منظوری بھی دے دی۔

بقیہ 11

وزرائے خارجہ نے باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔دفتر خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ دونوں وزرائے خارجہ نے کثیرالجہتی فورمز، بالخصوص اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر جاری تعاون اور روابط بڑھانے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 12

کے سینیٹر طلحہ محمود کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں بھاری ٹیکسز کے باعث ملٹی نیشنل کمپنیوں کے پاکستان چھوڑنے سے متعلق ایف بی آر حکام کو بریفنگ دی اور بتایا کہ ٹیکس ریٹ کی وجہ سے سرمایہ کاری کا انخلا نہیں ہوگا جبکہ آئندہ برسوں میں ٹیکسز کم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ایف بی آر حکام نے بتایا کہ ایکسپورٹرز پر ٹیکس دو فیصد سے کم کرکے 1.25 فیصد کر دیا گیا ہے، وزیراعظم نے ایکسپورٹرز کو 80 ارب روپے کا ٹیکس ریلیف دیا ہے۔حکام نے بتایا کہ رواں سال 361 ارب روپے کا ٹیکس ریلیف پیکیج دیا گیا ہے، کاروباری برادری پر ایک سال میں کوئی گرفتاری یا ایف آئی آر درج نہیں ہوئی، کاروباری برادری کی کمیٹیاں بھی قائم کردی گئی ہیں۔کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ٹیکس گزار ٹیکس ادا کرکے آڈٹ سے بچ سکتے ہیں، ٹیکس فائلرز کو گوشواروں پر نظرثانی کرنے کا اختیار بھی دیا گیا ہے۔ایف بی آر حکام کے مطابق پاکستان میں 2022ء کے بحران کے بعد ٹیکسوں میں اضافہ کیا گیا تھا اور اس دوران کچھ فارن ایکسچینج کی پابندیاں بھی عائد کی گئی تھیں، 2022ء کے بعد اس بحران کو حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ سب سے پہلے تنخواہ دار طبقے پر ٹیکسز کم کیے گئے، حکومت نے حال ہی میں سپر ٹیکس ختم اور کم کردیا ہے، سپر ٹیکس کی مد میں 55 ارب روپے کا ٹیکس ریلیف دیا گیا ہے، نان بینکنگ کمپنیوں پر اب 29 فیصد ٹیکس ہے

بقیہ 13

ازیں اڈیالہ جیل میں بشریٰ بی بی سے ان کی بیٹی اور بھابھی نے ملاقات کی تھی، بشریٰ بی بی سے بیٹی اور بھابھی کی ملاقات بھی جیل کے کانفرنس روم میں ہوئی تھی جو 45 منٹ جاری رہی تھی۔ملاقات میں بشریٰ بی بی کی صحت اور قانونی معاملات پر مشاورت ہوئی تھی اور اس کے بعد بشریٰ بی بی کی بیٹی اور بھابھی جیل سے روانہ ہوگئی تھیں۔

بقیہ 14

حقوق کے عالمی دن کے موقع پر سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے اپنے بیان میں کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ صرف آئینی تقاضا نہیں بلکہ ہماری دینی، اخلاقی اور سیاسی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام نے اقلیتوں کے جان و مال، عزت اور مذہبی آزادی کے حقوق کا واضح تحفظ دیا ہے

بقیہ 15

کی ٹیکس چوری کے معاملے پر خام مال منگوانے والی فیکٹریوں سے متعلق تحقیقات کا فیصلہ کرلیا گیا۔ذرائع کے مطابق فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی کی اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، تمام فیکٹریوں کی آڈٹ انکوائری فزیکل اسپلشن کے ذریعے کی جائے گی۔ذرائع کے مطابق کمیٹی میں گریڈ 20 کے افسران کو بھی شامل کیا گیا ہے، ڈائریکٹر ایف آئی اے پشاور اعجاز احمد خان اور کوہاٹ زون کے افسران بھی کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔کمیٹی میں گریڈ 18 کے افضل خان اور فیضان الحق بھی شامل ہیں جبکہ پشاور اور کوہاٹ زون سے دو، دو ڈپٹی ڈائریکٹرز کو بھی کمیٹی میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 16

گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے عمرانی ہاؤس نصیرآباد میں جشن آزادی کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر وچیئرمین مارکیٹ کمیٹی نصیرآباد میر بلال صادق عمرانی، ایس ایچ او میر حسن تھانہ محمد عمر اعوان، نائب تحصیلدار خاوند بخش تھجو، پٹواری ذوالفقار علی رند، فاروق سیال غلام حسین رند سمیت بڑی تعداد میں شہری اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان موجود تھے صوبائی وزیر نے کارکنان کو ہدایت کی کہ ڈویژنل ہیڈکوارٹر ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف چوراہوں، مین شاہراہوں، ذیلی سڑکوں اور اہم عمارتوں کو قومی پرچموں اور سبز ہلالی پرچم کی خوبصورت آرائش سے سجایا جائے تاکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا جاسکے کہ پاکستانی قوم اپنے اسلاف کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے عظیم مشن کو آگے بڑھانے کیلئے متحد و پُرعزم ہے۔

بقیہ 17

کے سلسلے میں ضلعی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 13 اگست 2026 بروز جمعرات طلب کرلیا گیا ہے۔اجلاس ڈپٹی کمشنر کمپلیکس، انسکمب روڈ، کوئٹہ میں منعقد ہوگا، جس میں ضلعی رویت ہلال کمیٹی کے ارکان، جید علمائے کرام، محکمہ موسمیات، محکمہ اوقاف و مذہبی امور، محکمہ داخلہ، پی ٹی وی، ریڈیو پاکستان، این ڈی ایم اے اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندے شرکت کریں گے۔تمام ارکان کو مقررہ وقت پر اجلاس میں شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ ماہ ربیع الاول 1448 ہجری کے چاند کی رویت سے متعلق موصول ہونے والی شہادتوں کا جائزہ لے کر سفارشات مرتب کی جاسکیں۔

بقیہ 18

ٹیلی کام شزہ فاطمہ خواجہ سے الوداعی ملاقات کی جس میں دونوں برادر ممالک کے مابین آئی ٹی، ڈیجیٹلائزیشن اور تکنیکی شعبوں میں باہمی تعاون کو سراہا گیا۔فیڈرل منسٹر شزہ فاطمہ خواجہ نے سفیر کو یادگاری شیلڈ پیش کی اور ان کی مستقبل کی ذمہ داریوں کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 19

سے نمٹنے کیلئے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کے 8 اضلاع میں مون سون کے حالیہ اسپیل اور 15 اگست تک جاری رہنے والے موسمی الرٹ کے پیش نظر محکمہ صحت کی تیاریوں اور ہنگامی ردعمل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر پرونٹو ڈاکٹر آصف شاہوانی نے کی، جبکہ پروجیکٹ ڈائریکٹر وی ڈی ڈاکٹر بدر، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر اسفندیار شیرانی، سینئر پبلک ہیلتھ اسپیشلسٹ شوکت علی بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر انیلا خیر، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر جہانگیر، ڈاکٹر جان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلعی سطح کے شراکت دار اداروں، محکمہ صحت کے افسران، پرونٹو پروگرامز، عالمی ادارہ صحت (WHO)، یونیسیف، مختلف آئی این جی اوز اور این جی اوز کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبے کے تمام اضلاع سے مون سون، سیلاب اور دیگر ممکنہ ہنگامی صورتحال سے متعلق ضروریات اور ہنگامی پلانز حاصل کر کے ایک جامع منصوبہ مرتب کیا جائے گا

بقیہ 20

کا پراسیس مکمل کیا گیا، جبکہ 347 درخواستیں منظور کرتے ہوئے متعلقہ RLCOs جاری کیے گئے۔یہ پیش رفت صوبے میں کاروباری اور سرمایہ کاری سے متعلق امور کو آسان، تیز اور ایک ہی پلیٹ فارم کے ذریعے انجام دینے کی کوششوں کا عکاس ہے۔وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ بورڈ بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ بزنس سیلیبیشن سینٹر کا قیام صوبے میں کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کا مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو غیر ضروری دفتری مراحل سے نجات دلا کر شفاف، آسان اور مؤثر سروس ڈیلیوری فراہم کرنا ہے

بقیہ 21

فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے آپریشن کے دوران 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جرات اور بہادری کو سراہا۔محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی پے در پے کامیاب کارروائیاں قابل تحسین ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو ملک میں کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی

بقیہ 22

اپنے علاقوں سے متعلق مسائل اور عوامی ضروریات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔حاجی علی مدد جتک نے ملاقات کے دوران عوامی مسائل اور تجاویز کو توجہ سے سنا اور یقین دلایا کہ عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا بروقت حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا جارہا ہے تاکہ ان کے مسائل براہ راست معلوم کر کے متعلقہ اداروں کے ذریعے ان کے حل کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جا سکیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کے مسائل کو ایوان اور متعلقہ حکام تک پہنچانا اور ان کے حل کیلئے عملی کردار ادا کرنا ہے۔عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور شہری مسائل کے ازالے کیلئے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جارہا ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ حلقہ انتخاب کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے گا جبکہ عوامی ضروریات اور ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے ترقیاتی منصوبوں پر بھی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ 23

بانی پی ٹی آئی سے ہماری ملاقات کے اوپر سیاست نہیں ہونی چاہیے، ہم نام بھی نہیں لینگے بھی نہیں لینگے، ملاقات کے بعد کبھی بھی سیاسی گفتگو نہیں کی ہے۔علیمہ خان نے بہنوں کے ہمراہ اڈیالہ جیل فیکٹری ناکہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے خبریں ٹاؤس کے ذریعے پھیلائی جارہی ہیں، ٹاؤس نے ایک ہی چیز نکالی بانی پی ٹی آئی کو بلڈ پریشر چڑھ گیا، یہ ٹیسٹ رن ہے پہلے کہیں ان کو بلڈ پریشر چڑھ گیا پھر کہیں کے انگوٹھے کچھ ہوگیا۔علیمہ خان نے کہا کہ مجھے صبح کسی نے ایک خبر بھیجی بانی کو جیل میں ختم کر دیا گیا، یہ خبریں کہاں سے آرہی ہیں ان کے ہاتھ بھی کانپ رہے ہیں ہونٹ بھی کانپ کر رہے ہیں وغیرہ وغیرہ، ہمارے خاندان میں کسی کو بلڈ پریشر کا کوئی مسئلہ نہیں، ہمیں بتایا گیا بانی کی بلڈ پریشر ڈوز ڈبل کر دی گئی جس بندے کے بلڈ پریشر کا مسئلہ ہی نہیں ڈبل ڈوز کہاں سے دی گئی، اندر سے جو بھی خبریں پھیلائی جارہی ہیں یہ ساری شیطانی ہے

بقیہ 24

، گولہ بارود تباہ کر دیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 25

نے کمانڈر نیشنل اسٹریٹیجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا، ہلال امتیاز (ملٹری)، ستارہ بسالت کو ملک کے دفاع اور سلامتی کیلئے ان کی گراں قدر خدمات، غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور نمایاں کارکردگی کے اعتراف میں نشان امتیاز (ملٹری) سے نوازا۔تقریب میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف، چیف آف ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، وفاقی وزراء، ارکان پارلیمنٹ اور سفارتی برادری کے نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ 26

کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ عزم استحکام کے وژن کے تحت دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز شاندار کامیابیاں حاصل کر رہی ہیں، ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 27

، جبکہ حکومت بلوچستان اس عالمی ایونٹ کو اسپانسر کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو یہاں "رسول رحمت" خطاطی نمائش کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 14 اگست اور اگست کے مہینے میں اس نوعیت کی تقریب کا انعقاد بذات خود پورے پاکستان کیلئے ایک پیغام ہے کہ بلوچستان میں عالمی معیار کے ایسے پروگرام منعقد کرنے کی صلاحیت اور عزم موجود ہے انہوں نے کہا کہ وہ خطاط واصل شاہد سے آئندہ سال مئی میں عالمی سطح کی خطاطی کی ایک بڑی نمائش منعقد کرنے کی درخواست کر چکے ہیں جس کیلئے حکومت بلوچستان بھرپور تعاون کرے گی اور سرینا ہوٹلز کو ہی میزبانی کیلئے منتخب کیا جائے گا کیونکہ اس سلسلے میں پہلا قدم سرینا نے اٹھایا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عالمی خطاطی نمائش میں اسلامی دنیا، ترکی اور دیگر ممالک کے نامور فنکاروں کو مدعو کیا جائے گا تاکہ کوئٹہ سے دنیا بھر کو یہ پیغام دیا جاسکے کہ کوئٹہ کے لوگ فنون لطیفہ سے محبت کرنے والے اور امن پسند ہیں اور انہیں بالخصوص اسلامی خطاطی سے گہری وابستگی ہے۔

بقیہ 28

نہیں جاسکتا۔سانحہ بابڑہ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی قربانیاں ہمیں ہمیشہ انصاف، جمہوریت، امن اور انسانی حقوق کیلئے جدوجہد کا درس دیتی رہیں گی۔اپنے جاری کردہ بیان میں انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ ہم سانحہ بابڑہ کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ان کی قربانیوں اور تاریخ کو آنے والی نسلوں تک منتقل کرتے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ شہداء کی یاد ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گی، ان کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور ہم ان کے مشن، جمہوری اقدار، امن اور انسانی حقوق کیلئے جدوجہد کو جاری رکھیں گے۔انہوں نے کہا کہ وہ آج بھی امن، عدم تشدد اور جمہوریت کے اصولوں پر قائم ہیں اور اپنے حقوق کیلئے پُرامن مگر مضبوط آواز بلند کرتے رہیں گے

بقیہ 29

دوران 1 کروڑ 31 لاکھ موبائل ڈیوائسز مقامی طور پر اسمبل کی گئیں، جن میں چینی برانڈز نے نمایاں مقام حاصل کیا۔گوادر پرو کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ مقامی موبائل فون کی پیداوار میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور صنعت اسمارٹ فونز اور 5G ڈیوائسز کی جانب تیزی سے منتقل ہو رہی ہے۔گوادر پرو کے مطابق اس عرصے کے دوران پاکستان نے صرف 25 لاکھ 50 ہزار موبائل فونز درآمد کیے، جو ملکی طلب پوری کرنے میں مقامی پیداوار کے بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی کرتا ہے۔رپورٹ کے مطابق گزشتہ چھ ماہ کے دوران اسمبل کیے گئے موبائل فونز میں 73 لاکھ 20 ہزار 2G فونز جبکہ 57 لاکھ 80 ہزار اسمارٹ فونز شامل تھے۔تیزی سے تبدیل ہوتی ہوئی موبائل مارکیٹ میں صرف مئی 2026 کے دوران ملک میں 1 لاکھ 1 ہزار 5G 5 موبائل فونز مقامی طور پر اسمبل کیے گئے، جو پاکستان کی مقامی پیداوار میں جدید ترین موبائل ٹیکنالوجی کی بڑھتی ہوئی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے

بقیہ 30

تمام اقلیتیں ملک کی برابر کی شہری ہیں اور ملکی ترقی و خوشحالی میں ان کا اہم کردار ہے اسلام اور آئین پاکستان نے اقلیتوں کو جو حقوق دیے ہیں، وہ دنیا میں کہیں بھی کسی کو میسر نہیں ہے۔وہ کوئٹہ میں اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔تقریب میں وزیراعظم کے یوتھ کوآرڈینیٹر حیدر خان اچکزئی، سابق وفاقی وزیر خلیل جارج، مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں اور اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ اسلام نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، مذہبی آزادی اور انسانی وقار کا واضح تصور دیا ہے، جبکہ آئین پاکستان بھی تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتی برادری کو مذہبی آزادی، اپنی عبادات اور مذہبی رسومات کی ادائیگی سمیت آئینی حقوق حاصل ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری نے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے۔تعلیم، صحت، سیاست، تجارت، سرکاری و نجی شعبوں سمیت مختلف شعبوں میں اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی خدمات قابل قدر ہیں۔انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کے مسائل کا حل اور انہیں قومی دھارے میں مزید مؤثر انداز میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔حکومت اور سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ اقلیتوں کے جائز مسائل کے حل، ان کے حقوق کے تحفظ اور انہیں ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 31

14 اگست کو اپنا 79 واں یوم آزادی منانے جا رہا ہے، گزشتہ 79 برسوں کے دوران ملک کو مختلف چیلنجز کا سامنا رہا تاہم پاکستان کے نوجوانوں کی صلاحیت اور پوٹینشل بہت زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف جلد "وژن 2047" کا اعلان کرنے جا رہے ہیں جس کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ پاکستان کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر ملک کو کس مقام پر دیکھنا ہے، اس وژن کی تشکیل میں نوجوانوں کی آراء کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نیشنل یوتھ کونسل وزیراعظم کے یوتھ ایڈوائزری بورڈ کے طور پر کام کر رہی ہے اور ملک بھر سمیت دنیا کے مختلف حصوں میں مقیم پاکستانی نوجوانوں سے مشاورت کے ذریعے مستقبل کی حکمت عملی مرتب کی جارہی ہے۔انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ اپنے آپ کو مستقبل کی قیادت کیلئے تیار کریں کیونکہ 2047ء تک آج کے نوجوان عملی اور پیشہ ورانہ زندگی میں ملک کے مختلف شعبوں میں قیادت کر رہے ہوں گے۔انہوں نے موسمیاتی تبدیلی کو پاکستان کیلئے ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کو سیلاب، ہیٹ ویوز اور دیگر قدرتی آفات کا سامنا ہے، این ڈی ایم اے کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی اور سائنسی بنیادوں پر آفات کے خطرات کی پیشگی نشاندہی اور تیاری قابل تحسین ہے

بقیہ 32

خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے سرمایہ کاری اور نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ کاروباری اداروں کو ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل تبدیلی کے تقاضوں کے مطابق خود کو مسلسل ڈھالنا ہوگا۔انہوں نے کارکردگی میں بہتری، ٹیکنالوجی پر مبنی نئے کاروباری ماڈلز اپنانے اور ایسا سازگار ماحول فراہم کرنے کی اہمیت اجاگر کی جس سے کاروباری ادارے بدلتی ہوئی عالمی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھ سکیں۔ملاقات میں حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان زیادہ مؤثر، مرکوز اور قابل عمل رابطے کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔وزیر خزانہ نے پاکستان بزنس کونسل پر زور دیا کہ وہ مختصر، شعبہ جاتی اور عملی نوعیت کی تحقیق پیش کرے تاکہ اہم مواقع کی نشاندہی، درپیش چیلنجز کے حل اور بہتر پالیسی سازی میں مدد مل سکے۔سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی تجربات سے استفادہ کرنے اور پاکستان کی پالیسیوں و کاروباری ماحول کو عالمی سطح پر رونما ہونے والی تبدیلیوں اور بہترین طریقہ ہائے کار سے ہم آہنگ رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 33

بیان میں چوہدری نعیم کریم نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن، اجتماعی سلامتی اور برادر اسلامی ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ امن، استحکام اور اسٹریٹجک شراکت داری کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے اور مسلم دنیا میں اتحاد، یکجہتی اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا، انہوں نے پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کو ان کی دوراندیش قیادت اور مؤثر سفارتی کاوشوں پر بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی دانشمندانہ رہنمائی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں اضافہ کیا ہے اور ملک کو ایک ذمہ دار، امن پسند ریاست کے طور پر مزید مستحکم شناخت دی ہے جو خطے اور دنیا میں امن کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی مدبرانہ قیادت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مؤثر حکمت عملی اس تاریخی پیش رفت میں اہم ہے

بقیہ 34

سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ اولڈ ٹاؤن ری ہیبلیٹیشن پروجیکٹ کے تحت ترقیاتی کام تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں جبکہ متعدد منصوبہ جاتی کام مکمل کیے جاچکے ہیں۔منصوبے کا مقصد شہر کے قدیم علاقوں میں بنیادی شہری سہولیات کو بہتر بنانا اور شہریوں کو ایک بہتر، محفوظ اور معیاری ماحول فراہم کرنا ہے لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ میں بتایا گیا کہ گوادر شہر کو اس وقت روزانہ تقریباً 35 سے 40 لاکھ گیلن پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جس کا بنیادی ذریعہ سوڈ ڈیم ہے۔ضرورت کے مطابق شادی کور ڈیم سے بھی ہفتے میں تقریباً دو مرتبہ مخصوص مقدار میں پانی محدود دورانیے کیلئے حاصل کیا جاتا ہے

بقیہ 35

کی مشینری کے استعمال سے پاکستان سے فی ایکڑ پیداوار بڑھانے، فصلوں کے نقصانات کم کرنے اور پیداواری لاگت گھٹانے میں مدد مل سکتی ہے۔روسی ماہرین کی معاونت سے فرٹیلائزر پلانٹس کو جدید بنا کر کھاد کی مقامی پیداوار میں بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔سینئر محمد عبدالقادر نے کہا کہ مویشی پالنے کے شعبے میں تعاون بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔روسی ویکسین، تشخیصی نظام، حیوانی صحت کی ٹیکنالوجی اور ویٹرنری تربیت سے فائدہ اٹھا کر پاکستان دودھ، گوشت اور لائیوسٹاک کی پیداوار و برآمدات میں نمایاں اضافہ کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ روسی کمپنیوں کو پاکستان میں زرعی مشینری، ویکسین، زرعی ادویات اور دیگر متعلقہ مصنوعات کی مشترکہ پیداوار کیلئے راغب کیا جانا چاہیے۔مشترکہ تحقیق، ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور مقامی مینوفیکچرنگ سے درآمدی انحصار کم اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

بقیہ 36

بتایا گیا کہ اخوت کے ذریعے بلاسود قرضے کم آمدنی والے گھرانوں، نوجوانوں اور چھوٹے کاروباری اداروں تک تیزی سے پہنچائے جائیں گے تاکہ روزگار کے نئے ذرائع پیدا ہوں اور مقامی معیشت کو تقویت ملے۔اجلاس میں مختلف اضلاع میں سولر سسٹم کی فراہمی کو بھی ایجنڈے میں رکھا گیا۔کہا گیا کہ شمسی توانائی والے حل دیہی اور بجلی سے محروم علاقے میں مستقل توانائی کی فراہمی میں اہم کردار ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ کم لاگت ہاؤسنگ کے لئے بھی قرضوں کی فراہمی کے منصوبے زیرغور آئے۔

بقیہ 37

جارہی ہے، جبکہ اہم شاہراہوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر نمایاں مقامات کو قومی پرچموں اور برقی روشنیوں سے مزین کیا جارہا ہے ضلعی انتظامیہ کے مطابق جشن آزادی کی تقریبات کو قومی وقار، جوش و جذبے اور شایان شان انداز میں منعقد کرنے کیلئے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور بھرپور تعاون کے ساتھ انتظامات کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔

بقیہ 38

چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد اور ڈی ایف اے گوادر کے صدر میر ارشد ہمتی بھی موجود تھے ڈی ایف اے صدر نے اسٹیڈیم کی تزئین و آرائش، سیٹنگ ایریا اور دیگر سہولیات میں بہتری کے حوالے سے تجاویز پیش کیں۔ڈی جی جی ڈی اے نے متعلقہ حکام کو کھیلوں کی سہولیات مزید بہتر بنانے کیلئے ضروری اقدامات کی ہدایات کی انہوں نے حالیہ جشن آزادی کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر ڈی ایف اے گوادر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ جی ڈی اے کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کیلئے معیاری سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 39

نے اسکولوں میں اساتذہ اور ضروری عملے کی بروقت دستیابی کو تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے بنیادی ضرورت قرار دیتے ہوئے اٹیچمنٹ کے معاملے پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ اٹیچمنٹ کے باعث جن سرکاری اسکولوں میں اسٹاف کی کمی پیدا ہو رہی ہے، اس کا جائزہ لے کر ملازمین کو ان کی اصل جائے تعیناتی پر واپس بھیجنے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں ان کا کہنا تھا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی موجودگی، حاضری، میرٹ پر تعیناتی اور مؤثر افرادی قوت تعلیمی نظام کی بہتری کے بنیادی ستون ہیں۔اس لیے ضروری ہے کہ دستیاب انسانی وسائل کو طلبہ کی تعلیمی ضروریات کے مطابق منظم کیا جائے تاکہ کسی بھی اسکول میں اساتذہ یا عملے کی کمی کے باعث تدریسی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں رکن صوبائی اسمبلی نے محکمہ تعلیم کے افسران پر زور دیا کہ اسکولوں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کی تعلیمی ضروریات اور بنیادی سہولیات کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور جہاں بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو، اسے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں

بقیہ 40

اپنے نام کرلیا۔فائنل میچ میں کھلاڑیوں نے بہترین کھیل اور بھرپور اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ کیا، جبکہ شائقین کرکٹ نے بھی میچ سے بھرپور لطف اٹھایا۔محکمہ اسپورٹس زیارت کی جانب سے جشن آزادی کے سلسلے میں مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد نوجوانوں کو مثبت، صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کی کاوشوں کا حصہ ہے۔

بقیہ 41

مشترکہ کارروائی کی۔کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم 70 سے زائد تجاوزات کو ہٹا دیا گیا جبکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف چالان کیے گئے اور متعدد افراد کو آئندہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 42

کی دعوت بھی دی اس موقع پر وفد کی جانب سے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کو عقیدہ ختم نبوت سے متعلق خوبصورت خطاطی پر مشتمل پورٹریٹ بطور تحفہ پیش کیا گیا رکن صوبائی اسمبلی نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی دینی و دعوتی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا بنیادی حصہ ہے

بقیہ 43

کو 16 اگست تک معطل کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان کے دفتر سے جاری وضاحتی بیان کے مطابق اتھارٹی کی جانب سے بین الصوبائی بس سروسز یا صوبے کے اندر مختلف روٹس پر چلنے والی مسافر بس سروسز کی معطلی کے حوالے سے کوئی نوٹیفکیشن یا ہدایات جاری نہیں کی گئیں۔سیکرٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان نے واضح کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی مذکورہ پوسٹ میں بلوچستان صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا نام، لوگو اور دیگر سرکاری علامات استعمال کی گئی ہیں، تاہم اس پوسٹ کا صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں

بقیہ 44

جاری کیں، جبکہ کئی مسائل پر موقع پر ہی پیش رفت عمل میں لائی گئی اس موقع پر ضلعی چیئرمین نے کہا کہ بلدیاتی ادارے عوام کے مسائل کے حل کا بنیادی ذریعہ ہیں، اس لیے بلدیاتی نمائندے اپنے علاقوں کے عوام سے مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں انہوں نے کہا کہ ضلع کونسل گوادر کی تمام 13 یونین کونسلز میں بلاامتیاز اور یکساں بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کر رہی ہے

بقیہ 45

چوراہوں اور سرکاری عمارتوں کی صفائی، سجاوٹ اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔اس سلسلے میں متعلقہ عملے کو خصوصی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ صفائی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور کسی بھی مقام پر گندگی یا رکاوٹ برداشت نہ کی جائے۔انہوں نے تاجر برادری، دکانداروں اور شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور اپنی تجاوزات فوری طور پر سڑکوں کے کناروں سے ہٹا دیں۔ تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اور صفائی کا عمل بلاتعطل جاری رکھا جاسکے۔

بقیہ 46

بھر میں امن وامان کی صورتحال دن بدن ابتر ہوتی جارہی ہے۔شہر کے مختلف علاقوں، گلی کوچوں اور شاہراہوں پر چوری، ڈکیتی اور موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات روز کا معمول بن چکے ہیں جرائم پیشہ عناصر بلاخوف و خطر وارداتیں کرکے باآسانی فرار ہوجاتے ہیں جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس اور عدم تحفظ کا احساس بڑھتا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ اکثر متاثرہ شہری وارداتوں کے بعد پولیس سے رجوع کرتے ہیں تو انہیں مقدمہ درج کرانے کے لیے بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر شہریوں کی شکایات پر ایف آئی آر کا اندراج ہی نہ ہو اور جرائم پیشہ عناصر آزادانہ طور پر وارداتیں کرتے رہیں تو قانون کی عملداری اور حکومتی رٹ پر سوالات اٹھنا فطری امر ہے

بقیہ 47

کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی یہ کارروائی اسپیشل مجسٹریٹ ضلعی انتظامیہ اعجاز کھوسو اور انسداد تجاوزات سیل زون انچارج علی رضا درانی کے زیر نگرانی عمل میں لائی گئی۔کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم تمام غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ مذکورہ مقام پر موجود ریڑھی بانوں کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قائم کردہ ریڑھی بازار منتقل کیا گیا۔جس کے نتیجے میں ٹریفک کی روانی میں بہتری اور شہریوں کی آمد و رفت میں سہولت پیدا ہوئی۔

بقیہ 48

انہوں نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین وصحافی فرید احمد قمرانی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں اور جدوجہد کے نتیجے میں وجود میں آیا، اس لیے ہمیں آزادی کی قدر کرتے ہوئے ملک کی ترقی، استحکام، سلامتی اور خوشحالی کے لیے متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہماری پہچان، ہماری امید اور ہماری آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے، ملک کی ترقی کے لیے ہمیں سیاسی و ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ محمد اقبالؒ کے افکار و تعلیمات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کرے،

بقیہ 49

فارسٹ افیسر اولیس اکبر زہری اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر وڈھ اکبر علی مزارزئی ڈپٹی کمشنر خضدار کے ایڈمن افیسر محمد مراد گزوزئی اور دیگر افسران کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں پودے لگائے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ ضلع خضدار میں پہلی بار جیو ٹیگنگ کے ساتھ شجرکاری کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے تحت پودوں کی تصاویر اور کوآرڈینیٹس گوگل ارتھ پر فراہم کیے جائیں گے

بقیہ 50

میں جشن آزادی کے حوالے سے بھرپور جوش و خروش پایا جارہا ہے۔شہریوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ یوم آزادی بھرپور قومی جذبے کے ساتھ منایا جائے گا اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی، امن و استحکام کیلئے خصوصی دعائیں کی جائیں گی۔

بقیہ 51

ملک بھر سمیت بلوچستان میں بھی یوم آزادی کی تقریبات کے حوالے سے سرکاری عمارتوں کو قومی پرچموں سے آراستہ کیا جارہا ہے، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی یاد میں تینوں ممالک کے قومی جھنڈے لہرائے جارہے ہیں۔حب لیڈا بلڈنگ پر تینوں ممالک کے قومی پرچم لہراتے ہوئے قمقموں کی روشنی کے ساتھ خوبصورت منظر پیش کررہے ہیں، جو باہمی دوستی، بھائی چارے اور یکجہتی کی علامت کے طور پر نمایاں ہیں۔

بقیہ 52

راستے میں ناکہ لگا کر متعدد افراد سے ہزاروں روپے نقدی درجنوں موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے جبکہ صدر پولیس تھانے کی حدود میر حسن روڈ بلاول پہنیار کے مقام پر مسلح افراد نے جاوید احمد سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی۔

بقیہ 53

اور سرکاری عمارتوں کی صفائی، سجاوٹ اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔اس سلسلے میں متعلقہ عملے کو خصوصی ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ صفائی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور کسی بھی مقام پر گندگی یا رکاوٹ برداشت نہ کی جائے۔انہوں نے تاجر برادری، دکانداروں اور شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور اپنی تجاوزات فوری طور پر سڑکوں کے کناروں سے ہٹا دیں۔ تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اور صفائی کا عمل بلاتعطل جاری رکھا جاسکے۔

بقیہ 54

سرونز مقررہ مدت کے اندر جمع کرائیں اور بروقت ریٹرن فائل کریں۔اتھارٹی نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد، درست رپورٹنگ اور بروقت ٹیکس ادائیگی نہ صرف قانونی ذمہ داری ہے بلکہ بلوچستان میں شفاف اور مؤثر ٹیکس نظام کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

بقیہ 55

عملی استعمال سے روشناس کرانا تھا۔پروگرام کے دوران شرکاء کو عملی سرگرمیوں، اجتماعی کام، علمی مباحثوں، تقریری و پیشکش کی سرگرمیوں اور مختلف منصوبوں پر مبنی عملی تربیت فراہم کی گئی۔تربیتی پروگرام کے دوران یونیورسٹی آف لورالائی کی طالبات نے مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے حوالے سے اہم اور مفید معلومات حاصل کیں۔اس کے ساتھ ساتھ ان کی ابلاغی صلاحیت، تخلیقی سوچ، اجتماعی کام کرنے کی صلاحیت، پیشکش کے ہنر، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت اور خود اعتمادی میں بھی نمایاں اضافہ ہوا۔اس تربیتی پروگرام کی ایک اہم خصوصیت مختلف جامعات سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات کے ساتھ ملاقات اور باہمی تبادلہ خیال بھی تھا۔اس موقع پر طالبات کو ملک کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، ماہرین اور علمی و فنی شخصیات سے ملاقات اور گفتگو کا موقع ملا۔ان روابط کے ذریعے طالبات کو مختلف خیالات، تجربات اور جدید رجحانات سے آگاہی حاصل ہوئی، جس سے ان کے علمی اور فکری دائرے میں مزید وسعت پیدا ہوئی۔پروگرام کے دوران حاصل ہونے والے تجربات نے طالبات کو یہ سمجھنے میں بھی مدد دی کہ جدید دور میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کس طرح تعلیم، تحقیق، کاروبار، روزگار اور دیگر شعبوں میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔اس تربیت نے انہیں مستقبل کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے اور ٹیکنالوجی کے میدان میں نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے حوصلہ فراہم کیا۔پانچ روزہ تربیتی پروگرام کی کامیاب تکمیل پر مہ جبین ثناء اور رقیہ بی بی کو شرکت کی اعزازی اسناد بھی دی گئیں۔اس موقع پر طالبات نے حاصل ہونے والے علم اور تجربے کو اپنے تعلیمی سفر میں بروئے کار لانے اور مستقبل میں مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبے میں مزید مہارت حاصل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔یونیورسٹی آف لورالائی کی انتظامیہ نے اس مفید اور معلوماتی تربیتی پروگرام کے منتظمین اور تربیتی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا، جنہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں عملی تربیت اور سیکھنے کے مواقع فراہم کیے۔ایسے پروگرام نوجوان نسل کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔یونیورسٹی آف لورالائی نے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کی مسلسل سرپرستی، حوصلہ افزائی اور تعاون کے باعث یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات کو تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، جدت اور عملی تربیت کے مختلف مواقع فراہم کیے جارہے ہیں

بقیہ 56

میں بھائی چارے، امن اور باہمی رواداری کی فضا کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پر بعض عناصر کی جانب سے ایسی پوسٹیں پھیلائی جارہی ہیں جن میں انتہائی سنگین اور سنسنی خیز دعوے کیے گئے ہیں، محض فیک آئی ڈیز سے پوسٹیں جاری کرکے کسی شریف اور معزز شخص کی کردارکشی کرنا کسی صورت مناسب نہیں۔عوامی حلقوں نے کہا کہ سردار گھرانے کے چشم و چراغوں نے ہمیشہ نصیرآباد کے عوام کے دکھ درد میں ان کا ساتھ دیا ہے اور علاقے میں عوامی رابطوں، بھائی چارے اور باہمی احترام کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔سردارزادہ میر فراز علی خان عمرانی بھی عوام کے ساتھ اپنے روابط اور سماجی تعلقات کے حوالے سے ایک معروف نام ہیں، ایسے میں ان کے خلاف غیر مصدقہ اور من گھڑت مواد کی تشہیر عوامی حلقوں کے لیے باعث تشویش ہے۔عوامی حلقوں نے کہا کہ اختلاف رائے ہر شخص کا حق ہے، تاہم کسی بھی فرد کے خلاف جھوٹے الزامات، کردارکشی اور اشتعال انگیز پروپیگنڈے کو اختلاف رائے کا نام نہیں دیا جاسکتا

بقیہ 57

مطابق ڈپٹی کمشنر کشمور آغا شیر زمان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں 12 ربیع الاول کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 12 ربیع الاول کا دن شایان شان طریقے سے منایا جائے گا۔اجلاس میں شریک مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے معزز علماء کرام نے مطالبہ کیا کہ عید میلادالنبیؐ بہتر انداز میں منانے کے حوالے سے شہر میں جلوسوں کے گزرگاہوں پر صفائی ستھرائی کے انتظامات کیے جائیں، بجلی کے مسائل حل کیے جائیں، میلادی محافل کے دوران لوڈشیڈنگ نہ کی جائے، جلوسوں میں ایمبولینس کی موجودگی یقینی بنائی جائے اور فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے۔جس پر ڈپٹی کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ تمام جائز مسائل حل کیے جائیں گے۔ڈپٹی کمشنر نے تمام تعلقوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور مختیارکاروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے تعلقوں میں عید میلادالنبیؐ کے حوالے سے تمام ضروری انتظامات مکمل کریں۔

بقیہ 58

(MCQ) اور پولیس کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں زرغون روڈ اور انسکمب روڈ پر تجاوزات کے مکمل خاتمے، ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دونوں اہم شاہراہوں سے تمام تجاوزات کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا اور اس سلسلے میں متعلقہ ادارے مشترکہ آپریشن کریں گے۔اس کے علاوہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والے ٹریکٹرز اور ٹرالیوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کرنے کیلئے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عدالتی احکامات پر من و عن عملدرآمد یقینی بنایا جائے

بقیہ 59

مزاری کشمور ڈیرہ بگٹی سوئی سمیت دیگر شہروں کی طرف سیکڑوں گاڑیوں کی آمد و رفت کا سلسلہ روزانہ کے بنیاد پر جاری رہتا ہے جس کے باعث *ٹرانسپورٹ حضرات و مسافر طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہیں

بقیہ 60

نظار اور سہیل شعیب نے 2-2 وکٹس حاصل کیے۔جواب میں آبسر زون نے مطلوبہ ہدف 17.2 اوورز میں 8 وکٹ کے نقصان 194 رنز بنا کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔قمبر رحیم نے 34 گیندوں پہ 79 رنز بناء عدنان رحیم نے 16 گیندوں پہ 24 رنز بنائے۔شہباز یونس نے 1 اور معراج نعیم نے 1 وکٹ حاصل آبسر زون نے 2 وکٹس سے میچ جیت لیا۔مین آف دی میچ قمبر۔رحیم قرار پائے۔میچ کے مہمان خاص جناب ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس مکران ڈویژن جناب غفار یوسف صاحب تھے۔

بقیہ 61

فائنل میچ کے مہمان خاص اسپورٹس تمپ جناب ادیب مراد صاحب تھے۔دیگر مہمان گرامی میں منیجر زرعی بینک تربت جناب نصیر فقیر صاحب ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس مکران ڈویژن جناب غفار یوسف صاحب بھی گراؤنڈ پہ موجود تھے۔دریں اثناء جشن آزادی کی مناسبت سے فٹسال میچ کے بعد بوری دوڑ اور میوزیکل چیئر کے بھی مقابلے ہوئے جنہیں کھیل سے وابستہ شائقین نے جوش و خروش کے ساتھ دیکھا۔میچ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 62

۔قمبر رحیم نے 55 گیندوں پہ 130 رنز بنائے شاہد نظام نے 13 گیندوں پہ 34 عدنان نعیم نے 15 گیندوں پہ 23 رنز بنائے۔کوشقلات کی جانب سے حسن رشید نے 2 اور مصدق فدا نے 1 وکٹ حاصل کی۔مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں مقررہ 18 اوورز میں کوشقلات زون نے 9 وکٹ کے نقصان پر 134 رنز بنائے سورج غلام نے 23 گیندوں پہ 44 اور طارق عزیز نے 14 گیندوں پہ 18 رنز بنائے۔ان کے علاوہ کوئی بیٹسمین خاص اسکور نہ کرسکی۔اسی طرح آبسر زون نے یہ میچ 123 رنز سے جیت لیا جشن آزادی ٹرافی 2026 اپنے نام کرلیا۔آبسر زون کی جانب سے زبیر صوالی نے 3 اور سہیل شعیب نے 2 وکٹ حاصل کی۔عبید رحیم مین آف دی میچ قرار پائے فائنل میچ کے مہمان خاص ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس مکران ڈویژن جناب غفار یوسف صاحب تھے۔

بقیہ 63

مقابلوں کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا، ان میں حب الوطنی کا جذبہ اجاگر کرنا اور کھیلوں کے میدان میں مقامی ٹیلنٹ کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔شرکاء اور کھلاڑیوں نے محکمہ کھیل و امور نوجوانان بلوچستان کی جانب سے ایسی صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے انعقاد کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ضلع لورالائی میں کھیلوں کے مزید مقابلوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 64

لہرائے گئے تاریخی معاہدے کی توثیق اور مسلم دنیا میں بڑھتے ہوئے دفاعی و اسٹریٹجک تعاون کے اظہار کے طور پر ڈپٹی کمشنر آفس ہرنائی، ایس پی آفس ہرنائی، اسسٹنٹ کمشنر آفس اور میونسپل کمیٹی ہرنائی کی عمارتوں پر پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کے قومی پرچم پوری شان و شوکت سے لہرائے گئے ضلعی انتظامیہ کے حکام کے مطابق یہ اقدام اسلامی ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی ہم آہنگی، باہمی اعتماد اور اتحاد کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اٹھایا گیا ہے۔

بقیہ 65

کے مطابق ساحلی علاقے ڈام میں منعقدہ پہلا آل حب لسبیلہ بیاد مرحوم ڈاکٹر احمد خان رونجھ میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا شاندار اور سنسنی خیز فائنل میچ گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول ڈام کے اسپورٹس گراؤنڈ میں نمائی اسپورٹس بیلہ اور نیو لگان کرکٹ کلب ڈام کے درمیان کھیلا گیا۔نمائی اسپورٹس بیلہ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیولگان کرکٹ کلب ڈام کو 35 رنز سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔فائنل میچ دیکھنے کے لیے شائقین کرکٹ کی ایک بڑی تعداد اسپورٹس گراؤنڈ میں موجود تھی جبکہ چوکے اور چھکوں پر تماشائیوں نے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔نمائی اسپورٹس بیلہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 10 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 175 رنز کا پہاڑ کھڑا کردیا۔نمائی اسپورٹس بیلہ کے جارح مزاج بلے باز شاہد ہوت نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 32 گیندوں پر 96 رنز کی دھواں دار اننگز کھیلی جس میں 13 بلند و بالا چھکے شامل تھے جبکہ منیر نے 25 گیندوں پر 35 اور عبیدالرحمان نے 9 گیندوں پر 21 رنز بنائے۔176 رنز کے ہدف کے تعاقب میں نیولگان کرکٹ کلب ڈام کی ٹیم مقررہ 10 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 140 رنز بناسکی۔نیولگان کلب کی جانب سے عمران نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 17 گیندوں پر 55 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ عتیق نے 17 گیندوں پر 41 رنز بنائے تاہم دونوں کھلاڑیوں کی شاندار اننگز اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار نہ کرسکیں

بقیہ 66

ایجوکیشن آفیسر جعفرآباد عائشہ بلیدی سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔اجلاس میں ضلع جعفرآباد کے امیدوار کی جانب سے ہائی کورٹ میں دائر درخواست اور عدالتی احکامات کی روشنی میں معاملے کا جائزہ لیا گیا۔کمشنر صلاح الدین نورزئی نے سائل کی درخواست پر حقائق کی مکمل جانچ پڑتال اور شفاف تحقیقات کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دے دی، جس کے چیئرمین ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز محمد عظیم ساجدی جبکہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفرآباد عائشہ بلیدی اور پرنسپل گرلز کالج کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔کمیٹی کو ہدایت کی گئی کہ وہ پندرہ روز کے اندر تمام پہلوؤں اور وجوہات کا باریک بینی سے جائزہ لے کر اپنی سفارشات اور تحقیقاتی رپورٹ سی آر سی اجلاس میں پیش کرے

بقیہ 67

ہرنائی میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب منعقد ہوگی، جس کے بعد صبح 10:9 بجے یوم آزادی کی شاندار ریلی نکالی جائے گی؟ ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے تمام سرکاری دفاتر و لائن ڈیپارٹمنٹس کے آفیسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ مقررہ وقت پر اپنے تمام ذیلی و ماتحت عملے کے ہمراہ پرچم کشائی اور ریلی میں حاضری کو یقینی بنائیں مراسلے میں واضح کیا گیا ہے کہ قومی جذبے اور نظم و ضبط کے ساتھ اس اہم دن کی تقریبات میں شرکت تمام افسران کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 68

پانی، مناسب روشنی اور دیگر ضروری سہولیات کا خاطر خواہ انتظام نظر نہیں آیا، جس کے باعث انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔کھلاڑیوں نے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی محکمہ کھیل کی جانب سے نصیرآباد کے نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے فروغ کے مقصد سے ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا، تاہم اگر تمام کھلاڑیوں کو یکساں مواقع اور بنیادی سہولیات فراہم نہ کی جائیں تو ایسے اقدامات کا مقصد متاثر ہوتا ہے۔کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ ٹورنامنٹ کے انتظامات سے متعدد نوجوان مایوس ہوئے ہیں اور ان میں یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ کھیلوں کی سرگرمیوں کے ثمرات چند مخصوص افراد تک محدود ہیں۔

بقیہ 69

محکموں کے سربراہان اور ضلع چمن کے مختلف اسکولوں کے اساتذہ نے شرکت کی۔اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں اور تعلیمی اداروں کے نمائندگان نے ڈپٹی کمشنر چمن کی ہدایات کے مطابق ضلع چمن میں 14 اگست کی تقریبات کے حوالے سے اپنی تیاریوں، انتظامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس میں قومی پرچم کشائی، طلبہ کی شرکت، ملی نغموں، تقاریر، ٹیبلو، دیگر قومی سرگرمیوں، صفائی، ٹریفک اور سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے پولیس حکام کو ہدایت کی کہ ضلع چمن کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر جامع تلاشی اور چیکنگ کا سلسلہ مؤثر بنایا جائے، جبکہ 14 اگست تک مختلف مقامات پر اچانک تلاشی، چیکنگ اور نگرانی کا عمل بھی جاری رکھا جائے۔اس اقدام کا مقصد ضلع میں امن و امان برقرار رکھتے ہوئے یوم آزادی کی تقریبات کو پرامن اور محفوظ ماحول میں یقینی بنانا ہے۔ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع چمن میں 14 اگست کی تمام تقریبات اور انتظامات کو بروقت مکمل کرتے ہوئے قومی دن کو بھرپور جوش و جذبے، نظم و ضبط اور شایان شان انداز میں منانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 70

انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔کھلاڑیوں نے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی محکمہ کھیل کی جانب سے نصیرآباد کے نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے فروغ کے مقصد سے ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا، تاہم اگر تمام کھلاڑیوں کو یکساں مواقع اور بنیادی سہولیات فراہم نہ کی جائیں تو ایسے اقدامات کا مقصد متاثر ہوتا ہے۔کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ ٹورنامنٹ کے انتظامات سے متعدد نوجوان مایوس ہوئے ہیں اور ان میں یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ کھیلوں کی سرگرمیوں کے ثمرات چند مخصوص افراد تک محدود ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹورنامنٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا جائے اور آئندہ تمام کھلاڑیوں کو بلاامتیاز سہولیات، مناسب گراؤنڈ، پینے کا پانی اور روشنی سمیت ضروری انتظامات فراہم کیے جائیں۔عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر کھیل سے معاملے کا نوٹس لینے، انتظامات کی جانچ پڑتال کرنے اور نصیرآباد کے نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں بہتر مواقع فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 71

، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جعفرآباد حضور بخش بلیدی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن احمد نواز جنگ سمیت دیگر ضلعی افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں یوم آزادی کی تقریبات کو شایان شان طریقے سے منعقد کرنے، سرکاری دفاتر، شاہراہوں اور اہم مقامات کو قومی پرچموں اور برقی قمقموں سے سجانے سمیت مختلف انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر خالد خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ یوم آزادی کے موقع پر تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور قومی دن کی تقریبات میں عوام کی بھرپور شرکت کو یقینی بنایا جائے تاکہ وطن عزیز سے محبت، قومی یکجہتی اور اتحاد و اتفاق کا بھرپور اظہار کیا جاسکے۔

بقیہ 72

کے سبز ہلالی پرچم اور بینرز سے سجادیا گیا ہے بلوچستان کا تاریخی شہر قلات دلکش مناظر پیش کرنے لگا ہے

بقیہ 73

اللہ قلندرانی، ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول نال جناب محمد حنیف مینگل اور دیگر انجمن تاجران کے نمائندے سوشل ورکرز آفیسران طلباء و طالبات موجود تھے۔تقریب سے مقررین نے 14 اگست یوم آزادی پاکستان کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔تقریب میں کوئز پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔پرنسپل ڈگری کالج نال پروفیسر نذیر احمد موسیانی نے مہمان خصوصی کو کالج کی طرف سے اعزازی شیلڈ پیش کی۔پروگرام کے اختتام پر مہمانوں اور طلباء و طالبات کیلئے چائے پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 74

نشان ہے۔اپنے جاری کردہ بیان میں ڈاکٹر محمد امین مینگل نے الزام عائد کیا کہ وارڈ نمبر 07 کے متعلقہ کونسلران اور چیف آفیسر گنداخہ نے مبینہ طور پر ملی بھگت کے ذریعے سولر سسٹم کی تقسیم کے عمل کو شفاف رکھنے کے بجائے عوام کو گمراہ کیا، انہوں نے کہا کہ عوام کو مکمل سولر سیٹ فراہم کرنے کا تاثر دے کر بعض افراد سے خالی اسٹامپ پیپرز پر دستخط لیے گئے، جبکہ بعد ازاں انہیں مکمل سولر سسٹم کے بجائے صرف ایک شمسی پلیٹ فراہم کرکے معاملہ ختم کرنے کی کوشش کی گئی، جس کی مکمل تحقیقات ضروری ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر منصوبے کے تحت سولر پلیٹ کے ساتھ بیٹری، پنکھا اور دیگر سامان فراہم کیا جانا تھا تو مستحق شہریوں کو مکمل سولر سیٹ فراہم نہ کیے جانے کی وجوہات عوام کے سامنے لائی جائیں۔سولر سسٹم کی خریداری، ٹینڈرنگ، فنڈز کے اجراء، سامان کی تعداد، معیار، قیمت اور تقسیم کی فہرست اور مستحقین کے انتخاب کا ریکارڈ منظر عام پر لایا جائے تاکہ اصل حقائق عوام کے سامنے آسکیں۔ڈاکٹر محمد امین مینگل نے کہا کہ عوامی فنڈز کسی فرد، گروہ یا مخصوص لوگوں کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہیں۔اگر عوامی بجٹ سے منظور ہونے والے سولر سسٹم میں واقعی مبینہ خورد برد، اختیارات کے ناجائز استعمال یا سامان کی غیر قانونی تقسیم ہوئی ہے تو ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا ضروری ہے

بقیہ 75

نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا، کھیلوں کے میدان آباد کرنا اور نوجوان نسل میں حب الوطنی، نظم و ضبط، ٹیم ورک اور بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔جشن آزادی کے موقع پر منعقد کیے جانے والے یہ کھیلوں کے مقابلے اس عزم کا اظہار ہیں کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں۔ضلع لورالائی میں کھیلے گئے فٹسال کے چاروں میچز میں کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔مقابلوں کے دوران کھلاڑیوں میں بہترین کارکردگی دکھانے کا جذبہ نمایاں رہا جبکہ شائقین کھیل نے بھی میچز میں بھرپور دلچسپی لی۔کھلاڑیوں نے فٹنس، مہارت، تیز رفتاری اور بہترین ٹیم ورک کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقابلوں کو دلچسپ بنائے رکھا۔محکمہ کھیل و امور نوجوانان کی جانب سے جشن آزادی کے موقع پر صوبے کے مختلف اضلاع میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو کھیلوں کے میدانوں سے جوڑنا اور ان کی جسمانی و ذہنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے۔محکمہ کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ کھیلوں کی یہ سرگرمیاں صرف 14 اگست تک محدود نہیں رہیں گی بلکہ نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے زیادہ مواقع فراہم کرنے کے لیے یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔اس موقع پر نوجوان کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ جشن آزادی کے موقع پر فٹسال جیسے مقابلوں کا انعقاد ان کے لیے خوشی اور فخر کا باعث ہے۔انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے میدان نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف لانے، ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے اور معاشرے میں صحت مند ماحول کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔واضح رہے کہ ضلع لورالائی میں فٹبال اور دیگر کھیلوں کے حوالے سے نوجوانوں میں خاصا جوش و شوق پایا جاتا ہے، جبکہ پاکستان فٹبال فیڈریشن کے ریکارڈ میں بھی لورالائی سے متعدد فعال فٹبال کلبز اور ٹیمیں درج ہیں۔جشن آزادی کے سلسلے میں منعقد ہونے والے ان فٹسال مقابلوں نے ضلع لورالائی کے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا بہترین موقع فراہم کیا۔کھیلوں کی ان سرگرمیوں سے نہ صرف نوجوانوں میں حب الوطنی کا جذبہ مزید اجاگر ہو رہا ہے بلکہ انہیں صحت مند، مثبت اور تعمیری سرگرمیوں میں مصروف رکھنے میں بھی مدد مل رہی ہے۔محکمہ کھیل و امور نوجوانان کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق صوبے کے نوجوانوں کو کھیلوں کی بہتر سہولیات اور مواقع فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ بلوچستان کے باصلاحیت نوجوان قومی سطح پر صوبے اور ملک کا نام روشن کرسکیں۔



گوادر، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم کا دورہ کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی معروف خطاط واصل شاہد اور سرینا ہوٹل کی جانب سے یادگاری فن پارہ پیش کیا جا رہا ہے

جشنِ آزادی اسپورٹس فیسٹیول کے سلسلے میں جاری کرکٹ ٹورنامنٹ کا شاندار گرینڈ فائنل

فائنل میچ میں کھلاڑیوں نے بہترین کھیل اور بھرپور اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ کیا

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر محبّ اللہ کی زیرِ نگرانی محکمہ اسپورٹس زیارت کے زیرِ اہتمام جشنِ آزادی اسپورٹس فیسٹیول کے سلسلے میں جاری کرکٹ ٹورنامنٹ کا شاندار گرینڈ فائنل آج باغ 11 کرکٹ کلب اور ینگ افغان کرکٹ کلب کے درمیان کھیلا گیا۔ فائنل میں ینگ افغان کرکٹ کلب نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے باغ 11 کرکٹ کلب کو 91 رنز سے شکست دے دی اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد جشنِ آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ کا ٹائٹل (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

گوادر کو سبز ہلالی پرچموں، رنگ برنگی روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ بھرپور انداز میں جاری

اہم شاہراہوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر نمایاں مقامات کو قومی پرچموں اور برقی روشنیوں سے مزین کیا جا رہا ہے

گوادر (خ ن) جشنِ آزادی پاکستان کے سلسلے میں ضلع گوادر کو سبز ہلالی پرچموں، برقی قمقموں اور خوبصورت رنگ برنگی روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ بھرپور انداز میں جاری ہے، جس سے شہر میں قومی یکجہتی، حب الوطنی اور جشنِ آزادی کا خوبصورت ماحول نمایاں ہو رہا ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 14 اگست یوم آزادی کی مختلف تقریبات کی تیاریوں کو حتمی شکل دی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر کا بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم کا دورہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان نے بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور گراؤنڈ، پویلین، سیٹنگ ایریا سمیت کھلاڑیوں اور شائقینِ کھیل کیلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

اٹیچمنٹ کے باعث جن سرکاری اسکولوں میں اسٹاف کی کمی پیدا ہو رہی ہے' مولانا ہدایت الرحمٰن

دستیاب انسانی وسائل کو طلبہ کی تعلیمی ضروریات کے مطابق منظّم کیا جائے' رکنِ صوبائی اسمبلی

گوادر (خ ن) رکنِ صوبائی اسمبلی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد بلوچ سے ان کے دفتر میں تعلیم کی بہتری کے مختلف امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کی اجلاس میں میں تعلیمی نظام کی بہتری، اسکولوں میں تدریسی و غیر تدریسی عملے کی دستیابی اور دیگر اہم تعلیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ جوائنٹ روڈ اور امداد چوک پر تجاوزات کے خلاف مشترکہ کارروائی

کوئٹہ (خ ن) معزز بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی، ضلعی پولیس، ٹریفک پولیس اور میونسپل کارپوریشن کوئٹہ کے عملے نے جوائنٹ روڈ اور امداد چوک پر تجاوزات کے خلاف (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گوادر کے وفد کی ملاقات

عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا بنیادی حصہ ہے اور اس کے تحفظ کیلئے علمی، دینی اور پُرامن جدوجہد قابلِ قدر ہے

گوادر (خ ن) رکنِ صوبائی اسمبلی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گوادر کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں مفتی عبدالغنی، مفتی عبداللطیف، مفتی یاسین، مفتی تیمور سمیت دیگر علمائے کرام شامل تھے ملاقات میں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ، دینی و دعوتی سرگرمیوں اور آئندہ کے پروگراموں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کو 3 ستمبر کو سربندن میں منعقد ہونے والی ختم نبوت کانفرنس میں شرکت (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

شے مختار بلوچ سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ملاقات

گوادر (خ ن) ضلعی چیئرمین گوادر شے مختار بلوچ سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی اور اپنے مسائل و تجاویز پیش کیں۔ ضلعی چیئرمین نے متعلقہ حکام اور بلدیاتی اداروں کو متعدد مسائل کے فوری حل کیلئے ضروری اقدامات کی ہدایات (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل عدالت عالیہ بلوچستان کے لئے تعینات ہونے والے ایڈیشنل ججز سے حلف لے رہے ہیں

شہری ضروریات کو ترجیح دینے کیلئے مختلف اقدامات کیے گئے ہیں' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

شادی کور ڈیم سے گوادر کیلئے حاصل کیا جانے والا پانی مخصوص مقدار اور محدود دورانیے کیلئے ہوتا ہے' چیف انجینئر بی ڈی اے

تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون، شفافیت اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنا کردار مزید مؤثر بنائیں' رکنِ بلوچستان اسمبلی

گوادر (خ ن) رکنِ صوبائی اسمبلی بلوچستان ہدایت الرحمٰن نے ادارہ ترقیات گوادر کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، چنگیز بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے ملاقات میں رکن صوبائی اسمبلی کو شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اولڈ ٹاؤن ری ہیبلیٹیشن پروجیکٹ، پانی کی فراہمی، ڈسٹری بیوشن نظام اور شہری بنیادی سہولیات (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان کی سوشل میڈیا پر گردش کرنیوالی پوسٹ کی سختی سے تردید

سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی غیر مصدقہ اطلاعات پر یقین نہ کریں اور ایسی خبروں کو آگے شیئر کرنے سے گریز کریں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اس پوسٹ کی سختی سے تردید کی ہے۔ جس میں بین الصوبائی بس سروسز سمیت کوئٹہ سے کراچی اور دیگر روٹس، جبکہ صوبے کے مختلف اضلاع کے درمیان چلنے والی مسافر بس سروسز (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

روس کے ساتھ زرعی شراکت داری پاکستان کیلئے خود کفالت کا نادر موقع ہے' عبدالقادر

زرعی اجناس کی تجارت تک محدود رکھنے کے بجائے اسے جدید ٹیکنالوجی، مشینری، تحقیق اور مقامی پیداوار کے جامع منصوبے میں تبدیل کیا جانا چاہیے

روسی کمپنیوں کو پاکستان میں زرعی مشینری، ویکسین، زرعی ادویات اور دیگر متعلقہ مصنوعات کی مشترکہ پیداوار کیلئے راغب کیا جانا چاہیے' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور روس کے درمیان زرعی تعاون کو محض زرعی اجناس کی تجارت تک محدود رکھنے کے بجائے اسے جدید ٹیکنالوجی، مشینری، تحقیق اور مقامی پیداوار کے جامع منصوبے میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ روسی جدید ٹریکٹرز، ہارویسٹرز، بیج بونے اور آبپاشی (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار' یوم آزادی بھرپور قومی جوش و جذبے، حب الوطنی اور ملی یکجہتی کیساتھ منایا جائیگا

صفائی کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے اور کسی بھی مقام پر گندگی یا رکاوٹ برداشت نہ کی جائے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) میونسپل کارپوریشن صحبت پور کے ذمہ داراں نے کہا ہے کہ پاکستان کا 79 واں یوم آزادی بھرپور قومی جوش و جذبے، حب الوطنی اور ملی یکجہتی کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس حوالے سے میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور تزئین و آرائش کے لیے باقاعدہ تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں تاکہ شہریوں کو ایک صاف، خوبصورت اور پرکشش ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ جشنِ آزادی کے موقع پر شہر کی اہم شاہراہوں، (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

خضدار' ڈپٹی کمشنر خضدار نے پودا لگا کر مون سون شجرکاری مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا

ضلع خضدار میں پہلی بار جیو ٹیگنگ کے ساتھ شجرکاری کا آغاز کیا گیا ہے' عبدالرزاق ساسولی

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں پودا لگا کر مون سون شجرکاری مہم کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل فارسٹ افیسر اویس اکبر زہری اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر وڈھ اکبر علی مزارزئی ڈپٹی کمشنر کے ایڈمن افیسر مراد گزوزء دیگر افسران نے بھی شجرکاری مہم میں حصہ لیا۔ تقریب میں ڈویژنل (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

سبی کو سبز ہلالی پرچموں، برقی قمقموں اور رنگ برنگی روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ جاری

سبی (خ ن) جشنِ آزادی پاکستان کے سلسلے میں ضلع سبی کو سبز ہلالی پرچموں، برقی قمقموں اور رنگ برنگی روشنیوں سے سجانے کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے 14 اگست کے حوالے سے مختلف تقریبات کی تیاریوں کو بھی حتمی شکل دی جا رہی ہے، جبکہ شہریوں (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ شہر میں چوری، ڈکیتی اور موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتیں روز کا معمول بن گئیں' مولانا رفیق

شہریوں کو چوروں، ڈاکوؤں اور رہزنوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا حکومت و پولیس شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم حلبی، حاجی ولی محمد بڑیچ صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے چوری، ڈکیتی اور رہزنی کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

حب لیڈا بلڈنگ پر تینوں ممالک کے قومی پرچم لہراتے ہوئے قمقموں کی روشنی کے ساتھ خوبصورت منظر پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) یوم آزادی کی مناسبت سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور وزیر صنعت و حرفت سردار کوہیار خان ڈومکی کے حکم پر ایم ڈی لیڈا الیاقت کاشانی کی جانب سے لیڈا بلڈنگ پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے قومی پرچم لگائے گئے ہیں اور لیڈا عمارت، درختوں اور سڑک کو برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد، صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کے ساتھ منظھار خان منگی و دیگر کا گروپ فوٹو

پاکستان ہماری پہچان، ہماری امید اور ہماری آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے' مرتضیٰ جمالی

یوم آزادی ہمارے لیے باعثِ فخر، پاکستان کی سلامتی و خوشحالی کیلئے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا،

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا ہے کہ 14 اگست یوم آزادی قومی جوش و جذبے، ملی یکجہتی اور حب الوطنی کے ساتھ منایا جائے۔ یوم آزادی ہمارے لیے ایک تاریخی اور باعثِ فخر دن ہے، جس روز برصغیر کے مسلمانوں نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی ولولہ انگیز قیادت میں ایک آزاد وطن حاصل کیا، ان خیالات کا اظہار (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ' سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم تمام غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے کوئٹہ کو ایک صاف، منظم اور تجاوزات سے پاک شہر بنانے کے وژن کی روشنی اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور میٹروپولیٹن (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

کسی بھی مقام پر گندگی یا رکاوٹ برداشت نہ کی جائے' میونسپل کارپوریشن صحبت پور

پاکستان کا 79 واں یوم آزادی بھرپور قومی جوش و جذبے، حب الوطنی اور ملی یکجہتی کے ساتھ منایا جائے گا

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) میونسپل کارپوریشن صحبت پور کے ذمہ داراں نے کہا ہے کہ پاکستان کا 79 واں یوم آزادی بھرپور قومی جوش و جذبے، حب الوطنی اور ملی یکجہتی کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس حوالے سے میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور تزئین و آرائش کیلئے باقاعدہ تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں تاکہ شہریوں کو ایک صاف، خوبصورت اور پرکشش ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ جشنِ آزادی کے موقع پر شہر کی اہم شاہراہوں، چوراہوں (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم مسلح افراد ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح افراد نے ناکہ بندی کر کے متعدد افراد سے ہزاروں روپے نقدی ایک موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود جمعہ واٹر کورس کے مقام پر نا معلوم مسلح افراد نے (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

گوادر، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم کا دورہ کر رہے ہیں

نصیر آباد اسپورٹس فیسٹیول ٹورنامنٹ کے انتظامات سے متعدد نوجوان مایوس ہوئے ہیں

ٹورنامنٹ کے دوران پینے کے صاف پانی، مناسب روشنی اور دیگر ضروری سہولیات کا خاطر خواہ انتظام نظر نہیں آیا

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) نصیر آباد اسپورٹس فیسٹیول کے تحت منعقد ہونے والے ٹورنامنٹ میں کھلاڑیوں کو بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر کھلاڑیوں اور عوامی حلقوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ کھلاڑیوں کا کہنا ہے کہ ٹورنامنٹ کے دوران پینے کے صاف پانی، مناسب روشنی اور دیگر ضروری سہولیات کا خاطر خواہ انتظام نظر نہیں آیا، جس کے باعث (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

قلات میں ضلعی انتظامیہ کی زیرِ نگرانی جشنِ آزادی کی تیاریاں عروج پر ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو معاون خصوصی بابر یوسفزئی کے وژن کے تحت ضلع قلات میں ضلعی انتظامیہ کی زیرِ نگرانی جشنِ آزادی کی تیاریاں عروج پر ہیں ڈی سی کمپلیکس کو پاکستان (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

لورالائی میں کھیلوں کی مختلف سرگرمیوں کا انعقاد

لورالائی میں کھیلوں کی مختلف سرگرمیوں کا انعقاد جاری ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں جشنِ آزادی، یوم آزادی پاکستان 14 اگست کے سلسلے میں محکمہ کھیل و امور نوجوانان بلوچستان کی جانب سے ضلع لورالائی میں کھیلوں کی مختلف سرگرمیوں کا انعقاد جاری ہے۔ اسی سلسلے میں 10 اگست کو ضلع لورالائی میں کرکٹ کے تین دلچسپ اور سنسنی خیز میچز کھیلے گئے، جن میں نوجوان کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ فسال مقابلوں کا مقصد (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)

جشنِ آزادی فٹبال ٹورنامنٹ 2026 کا سیمی فائنل میچ

تربت (پ ر) جشنِ آزادی فٹبال ٹورنامنٹ 2026 کا سیمی فائنل میچ یوسی صلالہ بازار تربت اور اپسی بازار یوسی کوشقلات کے مابین کھیلا گیا۔ دوران میچ دونوں ٹیم بغیر کسی گول کے برابر رہے۔ میچ کا فیصلہ پنلٹی کک کے ذریعے ہوا اپسی بازار یوسی کوشقلات نے میچ جیت کر فائنل کے لیئے کوالیفائی کر لیا۔

انجینئرنگ، سائنسی اور تکنیکی کنسلٹنٹس کیلئے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز کی شرح 8 فیصد مقرر

ٹیکس قوانین پر عملدرآمد، درست رپورٹنگ اور بروقت ٹیکس ادائیگی نہ صرف قانونی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (این این آئی) انجینئرنگ، سائنسی اور تکنیکی سسلٹنٹس کو آگاہ کیا جا رہا ہے کہ ان کی فراہم کردہ خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 8 فیصد مقرر ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام متعلقہ سروس فراہم کنندگان پر زور دیا ہے کہ وہ بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں، مقررہ شرح کے مطابق واجب الادا سیلز ٹیکس آن (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

یومِ آزادی 14 اگست کو ضلع بھر میں قومی جوش و جذبے اور بھرپور انداز میں منایا جائے گا' خالد خان

یومِ آزادی کے موقع پر تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں' ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا ہے کہ یوم آزادی 14 اگست کو ضلع بھر میں قومی جوش و جذبے اور بھرپور انداز میں منایا جائے گا، ضلع کی مرکزی پرچم کشائی کی تقریب ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوگی، جبکہ تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے دفاتر اور اہم سرکاری عمارتوں پر سبز ہلالی پرچم آویزاں کرنے کے ساتھ چراغاں بھی کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیرِ صدارت 14 اگست کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس منعقد ہوا (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

14 اگست یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں گورنمنٹ ڈگری کالج نال میں پروقار تقریب

خضدار (خ ن) 14 اگست یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں گورنمنٹ ڈگری کالج نال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر نال عبداللہ مینگل تھے۔ تقریب میں پرنسپل ڈگری کالج نال پروفیسر نزیر احمد موسیانی ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر نال سیج (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

ایم سی گنداخہ وارڈ نمبر 07 میں سولر سسٹم کی مبینہ غیر شفاف تقسیم

متعلقہ کونسلران اور چیف آفیسر کی ملی بھگت پر شفاف تحقیقات کا مطالبہ

گنداخہ (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع اوستا محمد کے سینئر رہنما ڈاکٹر محمد امین مینگل نے کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ کے وارڈ نمبر 07 میں عوامی سہولت کے لیے فراہم کیے جانے والے سولر سسٹم کی مبینہ تقسیم میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں، اقربا پروری اور کرپشن کی انتہا ہوگئی جو نہ صرف عوامی اعتماد کو ٹھیس پہنچانے کے مترادف ہے بلکہ مستحق شہریوں کے حقوق پر بھی سوالیہ (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر سوراب علی نواز کی زیرِ نگرانی فٹبال ٹورنامنٹ جاری

سوراب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایات پر جشن آزادی فیسٹیول کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر سوراب علی نواز کی زیرِ نگرانی فٹبال ٹورنامنٹ جاری ہے

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کو مجلس تحفظ ختم نبوت کی وفد عقیدہ ختم نبوت سے متعلق خوبصورت خطاطی پر مشتمل پورٹریٹ پیش کر رہے ہیں

صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ جشن آزادی فٹبال ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم ہزار فٹبال کلب کو چیمپئن شپ ٹرافی دے رہی ہیں

عوام تک سہولتیں بروقت اور شفاف انداز میں پہنچائی جائیں' شکیل قادر

شمسی توانائی والے حل دیہی اور بجلی سے محروم علاقے میں مستقل توانائی کی فراہمی میں اہم کردار ادا کریں گے

سولر توانائی کے نظام کی فراہمی اور کم لاگت رہائش کیلئے مالی معاونت کے اقدامات کیلئے 6 ارب کی رقم مختص کیا ہے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرِ صدارت اخوت کے نمائندوں اور متعلقہ محکموں کے حکام کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں عوام کو بلا سود قرضے فراہم کرنے کے پروگرامز کے نفاذ اور توسیع پر تفصیلی غور کیا گیا۔ صوبائی حکومت کی جانب سے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، سولر توانائی کے نظام کی فراہمی اور کم لاگت رہائش کیلئے مالی معاونت کے اقدامات کیلئے 6 ارب کی رقم مختص کیا ہے۔ اجلاس میں (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

ظہور احمد بلیدی کی تربت میں مختلف سوگوار خاندانوں سے ملاقات کر کے تعزیت اور فاتحہ خوانی

تربت (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے تربت میں مختلف سوگوار خاندانوں سے ملاقات کر کے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ صوبائی وزیر نے ڈاکٹر اکبر ملک، ارشاد ملک اور امداد ملک کے گھر جا کر ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ کے ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے اعجاز علی جوسکی کے بھتیجے کے انتقال پر بھی ان کے اہل خانہ سے تعزیت و افسوس کیا۔

یونیورسٹی آف لورالائی کی طالبات کی مصنوعی ذہانت کے پانچ روزہ تربیتی پروگرام میں شاندار شرکت

جدید دور میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کس طرح تعلیم، تحقیق، کاروبار، روزگار اور دیگر شعبوں میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کی دو ہونہار طالبات مہزیب ثناء اور رقیہ بی بی نے بلوچستان کے طلبہ کیلئے منعقد کیے گئے پانچ روزہ مصنوعی ذہانت کے تربیتی پروگرام میں کامیابی کے ساتھ شرکت کر کے یونیورسٹی آف لورالائی اور اپنے شعبے کا نام روشن کیا۔ پانچ روزہ تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان کے نوجوان طلبہ و طالبات کو مصنوعی ذہانت، مؤثر ہدایات نویسی، مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ذرائع اور ان کے (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

12 ربیع الاول عید میلاد النبیؐ شایانِ شان اور مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائیگا' آغا شیر زمان

جلوسوں کے روٹس پر صفائی ستھرائی کے مناسب انتظامات کیے جائیں' ڈپٹی کمشنر کشمور

کندھکوٹ (نامہ نگار) 12 ربیع الاول عید میلاد النبیؐ شایانِ شان اور مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا، یہ دن انتہائی عظیم الشان ہے، ہم سب کو یہ دن بھائی چارے اور امن کے ساتھ منانا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان، سیکیورٹی کے حوالے سے سخت انتظامات کیے جائیں گے۔ ڈی ایس پی سید اصغر علی شاہ، تفصیلات کے (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

چمن' 14 اگست کی تقریبات کی تیاریوں اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت یوم آزادی پاکستان، 14 اگست کی تقریبات کی تیاریوں اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی سطح کے افسران، مختلف (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

معروف قبائلی شخصیت سردارزادہ میر فراز علی عمرانی کے خلاف سوشل میڈیا مہم بے بنیاد قرار، عوامی حلقے

جھوٹے الزامات، کردار کشی اور اشتعال انگیز پروپیگنڈے کو اختلافِ رائے کا نام نہیں دیا جا سکتا



بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) نصیر آباد کے معروف قبائلی شخصیت سردارزادہ میر فراز علی خان عمرانی کے خلاف سوشل میڈیا پر مختلف فیک آئی ڈیز کے ذریعے مبینہ طور پر چلائی جانے والی من گھڑت اور بے بنیاد مہم پر عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی پوسٹوں میں کوئی صداقت نہیں، ایک معزز اور باوقار شخصیت کے خلاف بغیر کسی ثبوت کے سنگین نوعیت کے الزامات عائد کرنا نہ صرف قابلِ افسوس بلکہ علاقے (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد اسپورٹس فیسٹیول ٹورنامنٹ میں کھلاڑی سہولیات سے محروم، نوجوانوں کا اظہارِ مایوسی

کھیلوں کی سرگرمیوں کے ثمرات چند مخصوص افراد تک محدود ہیں

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) نصیر آباد اسپورٹس فیسٹیول کے تحت منعقد ہونے والے ٹورنامنٹ میں کھلاڑیوں کو بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر کھلاڑیوں اور عوامی حلقوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ کھلاڑیوں کا کہنا ہے کہ ٹورنامنٹ کے دوران پینے کے صاف (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آفیس میں ربیع الاول کے حوالے سے اجلاس منعقد ہو رہا ہے

ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (MCQ) اور پولیس کا مشترکہ اجلاس

کوئٹہ (خ ن) معزز عدالت کے حکم نامے کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیر صدارت ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

صحبت پور مین روڈ 5 سال کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود روڈ کی تعمیر نہ ہو' عوامی حلقے

ٹرانسپورٹ حضرات و مسافر طبقہ شدید مشکلات سے دو چار ہیں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ صحبت پور مین روڈ جو کہ بھنڈ شریف سے درگی تک 3 کلومیٹر فاصلہ جو کہ 2022ء کے خطرناک سیلاب میں بہہ گیا تھا جو کہ تاحال 5 سال کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود روڈ کی تعمیر نہ ہو سکا یاد رہے عوامی حلقوں کا کہنا تھا کہ اس روڈ پر سندھ بلوچستان پنجاب کے مختلف چھوٹے بڑے شہروں جن میں روجھان (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد ڈویژن میں سی آر سی کا اجلاس

نصیر آباد (خ ن) نصیر آباد ڈویژن میں سی آر سی کا اجلاس، عدالتی احکامات کی روشنی میں کمیٹی تشکیل کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں جعفر آباد کے سی آر سی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز محمد عظیم ساجدی، ڈسٹرکٹ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر آفس ہرنائی میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب اور شاندار ریلی

قومی جذبے اور نظم و ضبط کے ساتھ اس اہم دن کی تقریبات میں شرکت تمام افسران کی ذمہ داری ہے۔

ہرنائی (خ ن) یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس ہرنائی میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب اور شاندار ریلی کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی کی جانب سے ضلع ہرنائی کے تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان کو باضابطہ مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے 14 اگست 2026ء بروز جمع المبارک صبح ٹھیک 8:30 بجے ڈپٹی کمشنر آفس (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

جشن آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا فائنل میچ

عبدالرحیم مین آف دی میچ قرار پائے فائنل میچ کے مہمان خاص ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس مکران ڈویژن جناب غفار یوسف صاحب تھے

تربت (پ ر) جشن آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا فائنل میچ آبسر زون اور کوشقلات زون کے مابین کھیلا گیا۔ آبسر زون نے ٹاس جیت کر پہلے کھیلنے کا فیصلہ کیا جو کہ سودمند ثابت ہوا۔ مقررہ 18 اووروں میں آبسر زون نے 3 وکٹ کے نقصان پر 257 رنز بنائے (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

تربت' جشن آزادی فٹسال ٹورنامنٹ سنسنی خیز فائنل میچ

تربت (خ ن) جشن آزادی فٹسال ٹورنامنٹ سنسنی خیز فائنل میچ پولیس اکیڈمی اور شہید محسن تربت کے مابین کیچ اسٹیڈیم ایئرپورٹ روڈ کے مقام پر کھیلا گیا۔ اس دوران شہید محسن تربت نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 کے مقابلے 4 گول سے میچ جیت لیا۔ (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

جشن آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 تربت

شہباز یونس نے 6 اور معراج نعیم نے 1 وکٹ حاصل آبسر زون نے 2 وکٹس سے میچ جیت لیا

تربت (پ ر) جشن آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 تربت دوسرا سیمی فائنل میچ آبسر زون اور سٹی زون کے مابین کھیلا گیا۔ سٹی زون ٹاس جیت کر پہلے کھیلنے کا فیصلہ کیا۔ مقررہ 18 اووروں میں 5 وکٹ کے نقصان پر 190 رنز بنائے۔ جس میں نعمت اللہ نے 34 گیندوں میں 60 رنز بنائے نصرالدین نے 21 گیندوں پہ 27 فراز اعجاز نے 18 گیندوں پہ 22 رنز بنائے۔ شاہد (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

ڈام، پہلا آل حب لسبیلہ بیادِ مرحوم ڈاکٹر احمد خان رونجہ میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا فائنل میچ

نمانی اسپورٹس بیلہ نے نیولگان کرکٹ کلب ڈام کو 35 رنز سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا

ڈام سونمیانی (رپورٹ/ زبیر بلوچ) ڈام، پہلا آل حب لسبیلہ بیادِ مرحوم ڈاکٹر احمد خان رونجہ میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا فائنل میچ نمانی اسپورٹس بیلہ نے نیولگان کرکٹ کلب ڈام کو 35 رنز سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ تفصیلات (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

ہرنائی' اہم سرکاری عمارتوں پر تینوں دوست اور برادر اسلامی ممالک کے پرچم لہرائے گئے

ہرنائی (پ ر) پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کے مابین 7 اگست 2026 کو طے پانے والے تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کی خوشی میں ضلع ہرنائی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام اہم سرکاری عمارتوں پر تینوں دوست اور برادر اسلامی ممالک کے پرچم (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

ونڈر ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف' معزز مہمانوں کو بلوچی ثقافت کی روایتی اجرک پیش کرنے' فاتح و رنراپ ٹیموں میں ٹرافیاں' کھلاڑیوں میں انعامات و اسناد تقسیم کرنے اور فائنل میچ کے اختتام پر فاتح ٹیم نمانی سپورٹس بیلہ کے کھلاڑیوں کے جشن کے مناظر

یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں لورالائی میں کرکٹ کے دو مقابلے

یوم آزادی کی تقریبات کے تحت کھیلوں کے مقابلوں کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات اور محکمہ کھیل و امور نوجوانان بلوچستان کے تعاون سے یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں ضلع لورالائی میں کرکٹ کے دو دلچسپ مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ یہ کرکٹ میچز ڈپٹی ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن نصیب اللہ کاکڑ صاحب اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر ظہیر احمد کی زیرِ نگرانی منعقد ہوئے۔ مقابلوں میں نوجوان کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر منتظمین نے کہا کہ یوم آزادی کی تقریبات کے تحت کھیلوں کے (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)



گوادر، ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان سے ملاقات کر رہے ہیں